32واں اجلاس

خفیہ

ایوان میں پیش کئے جانے سے قبل اشاعت کی اجازت نہیں ہے

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## بروز جمعتہ المبارک 28 مئی 2021

## فہرست نشان زدہ سوالات اور جوابات

## بابت

## محکمہ ہائر ایجوکیشن

بروز بدھ 5 مئی 2021 کے ایجنڈا سے جناب سپیکر کے احکامات کی روشنی میں زیر التوا سوال گورنمنٹ کالج یونیورسٹی اور گورنمنٹ وومن کالج یونیورسٹی فیصل آباد ترقیاتی اور غیر ترقیاتی فنڈز سے متعلقہ تفصیلات

*4531: جناب محمد طاہر پرویز: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد اور گورنمنٹ وومن کالج یونیورسٹی فیصل آباد کو سال 18-2017، 19-2018 اور 20-2019 میں کتنا فنڈ ملا ترقیاتی اور غیر ترقیاتی فنڈ کی تفصیل علیٰحدہ علیٰحدہ دی جائے۔

(ب) کیا ان یونیورسٹی کی بلڈنگ ان سالوں کے دوران تعمیر ہوئی ہے تو ان کی تفصیل دی جائے۔

(ج) کیا حکومت ان یونیورسٹیز کی بلڈنگ کی تعمیر پر خرچ کردہ رقم کی تحقیقات کروانے کا ارادہ رکھتی ہے اگر نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں۔

(تاریخ وصولی 25 فروری 2020 تاریخ ترسیل 23 جون 2020)

جواب

وزیر ہائر ایجوکیشن

(الف) GCUF کو پنجاب گورنمنٹ کی طرف سے مالی سال 18-2017، 19-2018 اور 20-2019 میں ملنے والے ترقیاتی فنڈز کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| ترقیاتی فنڈز | غیر ترقیاتی فنڈز | کوسٹ سنٹر | مالی سال |
|---|---|---|---|
| Nill | 13.505 | FQ4004 | 2017-18 |
| Nill | 45.364 | FQ4004 | 2018-19 |
| Nill | 35.328 | FQ4004 | 2019-20 |

GCUF کو ملنے والی غیر ترقیاتی فنڈز کی تفصیل ضمیمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

GCWU کو پنجاب گورنمنٹ کی طرف سے مالی سال 18-2017، 19-2018 اور 20-2019 میں ملنے والے ترقیاتی فنڈز کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| ترقیاتی فنڈز | غیر ترقیاتی فنڈز | کوسٹ سنٹر | مالی سال |
|---|---|---|---|
| Nill | 158.078 | LQ4790 | 2017-18 |
| Nill | 194.820 | LQ4790 | 2018-19 |
| Nill | 173.094 | LQ4790 | 2019-20 |

GCWU کو ملنے والے غیر ترقیاتی فنڈز کی تفصیل ضمیمہ الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کی مالی سال 18-2017 اور 19-2018 میں ترقیاتی کاموں اور ترقیاتی فنڈز کی تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) یونیورسٹیوں کے تمام فنڈز کا باقاعدگی سے آڈٹ کیا جاتا ہے جو کہ حکومت کے متعلقہ محکمہ کے متعین کردہ آڈٹ افسران کے ذریعے ہوتا ہے۔ ان دونوں یونیورسٹیوں کے فنڈز کا آڈٹ برائے مالی سال 18-2017 اور 19-2018 ہو چکا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 22 فروری 2021)

بروز بدھ 5 مئی 2021 کے ایجنڈا سے جناب سپیکر کے احکامات کی روشنی میں زیر التوا سوال

اوکاڑہ شہر اور پی پی 189 میں سرکاری کالجز (بوائز و گرلز) کی تعداد اور مختص کردہ رقم سے متعلقہ تفصیلات

*6590: جناب منیب الحق: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) پی پی 189 اور اوکاڑہ شہر میں کون کون سے سرکاری کالجز (بوائز و گرلز) کہاں کہاں ہیں؟

(ب)ان کالجوں کے لئے مالی سال 21-2020 میں کتنی رقم مختص کی گئی ہے۔

(ج)اس مالی سال کے دوران ان کالجوں میں کون کون سی سہولیات فراہم کی جائیں گی اور ان کی مسنگ فسلیٹیز کون کون سی ہیں۔

(د)ان میں کون کون سی اسامیاں کب سے خالی پڑی ہیں۔

(ہ)ٹیچنگ کیڈر کی کتنی اسامیاں خالی ہیں ان کو پر کرنے کے لئے حکومت کیا اقدامات اٹھا رہی ہے۔

(و)ان کالجوں کی عمارات کی حالت کیسی ہے کیا تمام کالجوں کی عمارات طالب علموں کے لئے کافی ہیں مزید کہاں کہاں عمارت تعمیر کرنے کی ضرورت ہے۔

(تاریخ وصولی 11 جنوری 2021 تاریخ ترسیل 22 فروری 2021)

جواب

وزیر ہائر ایجوکیشن

(الف)پی پی 189 اور اوکاڑہ شہر میں مندرجہ ذیل سرکاری کالجز واقع ہیں

1- گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج اوکاڑہ

2- گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین اوکاڑہ

3- گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین ساؤتھ سٹی اوکاڑہ

4- گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کامرس کالج اوکاڑہ

(ب)ان کالجوں کے لئے مالی سال 21-2020 میں مختص کردہ رقم مندرجہ ذیل ہے۔

1- گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج اوکاڑہ- /135715000 روپے

2- گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین اوکاڑہ- /77324000 روپے

3- گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین ساؤتھ سٹی اوکاڑہ- /40277000 روپے

4- گورنمٹ ایسوسی ایٹ کالج آف کامرس اوکاڑہ- /39660000روپے

(ج) پی پی 189 اوکاڑہ شہر میں موجود کالجز کی مسنگ فسلیٹیز مندرجہ ذیل ہیں۔ جنہیں ترجیحی بنیادوں پر فراہم کیا جائے گا۔

گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج اوکاڑہ

کلاس رومز 12، آڈیٹوریم ہال 01، واش رومز 10

گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین اوکاڑہ

بی ایس بلاک 01، کلاس رومز 16، ایڈمن بلاک 02

گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین ساؤتھ سٹی اوکاڑہ

بی ایس بلاک 01، سیکورٹی رومز 02، واش رومز 12

گورنمٹ ایسوسی ایٹ کالج آف کامرس اوکاڑہ

بی ایس بلاک 01، کلاس رومز 02، واش رومز 04

(د) پی پی 189 اور شہر اوکاڑہ کے کالجز میں خالی اسامیاں اور کب سے خالی ہیں کی تفصیل۔ فلیگ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ہ) پی پی 189 اور شہر اوکاڑہ کے کالجز میں خالی اسامیوں کی تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔ اور ان خالی اسامیوں پر حکومت کی طرف سے سی ٹی آئز کی بھرتی کی جاچکی ہے۔ نیز PPSC کو بھیجی گئی ریکوزیشن کے ذریعے بھی بھرتی کا عمل جاری ہے۔

فلیگ (ب) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(و) پی پی 189 اور اوکاڑہ شہر میں موجود تمام کالجز کی عمارات کی حال تسلی بخش ہے اور مزید مندرجہ ذیل عمارات کی ضرورت ہے۔

گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج اوکاڑہ

کلاس رومز 12، آڈیٹوریم ھال 01،واش رومز 10

گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین اوکاڑہ

بی ایس بلاک 01، کلاس رومز 16، ایڈمن بلاک 02

گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین ساؤتھ سٹی اوکاڑہ

بی ایس بلاک 01، سیکورٹی رومز 02،واش رومز 12

گورنمٹ ایسوسی ایٹ کالج آف کامرس اوکاڑہ

بی ایس بلاک 01، کلاس رومز 02،واش رومز 04

(تاریخ وصولی جواب 4 مئی 2021)

بروز بدھ 5 مئی 2021 کے ایجنڈا سے جناب سپیکر کے احکامات کی روشنی میں زیر التوا سوال

خوشاب: نورپور تھل گرلز کالج میں سٹاف کی تعداد اور خالی اسامیوں سے متعلقہ تفصیلات

*6776: محترمہ ساجدہ بیگم: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع خوشاب کی تحصیل نورپور تھل میں گرلز کالج میں سٹاف کی تعداد کتنی ہے؟

(ب) کون کون سی اسامیاں خالی ہیں اور حکومت کب تک فل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

(ج) نورپور تھل کے گرلز کالج میں بچیوں کی تعداد کتنی ہے اور کیا سٹاف کی تعداد بچیوں کے لحاظ سے کافی ہے۔

(د) نورپور تھل کے گرلز کالج میں آخری دفعہ بھرتی کب کی گئی تفصیل سے آگاہ کریں۔

(تاریخ وصولی یکم فروری 2021 تاریخ ترسیل 26 مارچ 2021)

## جواب

وزیر ہائر ایجوکیشن

(الف) ٹیچنگ سٹاف کی 22 منظور شدہ اسامیاں ہیں۔ جن میں 2 ورکنگ ہیں اور 20 خالی اسامیاں ہیں۔ خالی اسامیوں پر 5 کالج ٹیچنگ انٹرنیز 04 ماہ کے کنٹریکٹ پر کام کر رہی ہیں۔

(ب) نان ٹیچنگ سٹاف کی 28 منظور شدہ اسامیاں ہیں جن میں 7 ورکنگ ہیں اور 21 اسامیاں خالی ہیں بھرتی کیلئے اعداد و شمار مانگ لئے گئے ہیں۔

(ج) گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین نور پور تھل ضلع خوشاب کی تعداد 21-2020 کے تعلیمی سال میں 483 ہے۔ سٹاف ناکافی ہے۔

(د) کالج ہذا 2008 میں بنا جس میں نان ٹیچنگ سٹاف کی ایک بار بھی بھرتی نہیں ہوئی 2017 میں بھرتی ہونے لگی تھی لیکن ایم پی اے ملک محمد ارشد کلو نے منسوخ کروادی کہ سارے ضلع خوشاب کی درجہ چہارم کی اسامیوں کا کوٹہ مجھے دیا جائے۔

(تاریخ وصولی جواب 4 مئی 2021)

بروز بدھ 5 مئی 2021 کے ایجنڈا سے جناب سپیکر کے احکامات کی روشنی میں زیر التوا سوال

راجن پور: پی پی 293 میں گورنمنٹ بوائز و گرلز کالجز اور ٹیچنگ و نان ٹیچنگ کیڈر کی خالی اسامیوں سے متعلقہ تفصیلات

* 6801: محترمہ شازیہ عابد: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) پی پی 293 راجن پور میں کہاں کہاں بوائز و گرلز سرکاری کالجز ہیں؟

(ب)ان کالجوں کے لئے کتنی رقم مالی سال 21-2020 میں مختص کی گئی ہے تفصیل کالج وائز بتائیں۔

(ج)ان کالجوں میں ٹیچنگ کیڈر اور نان ٹیچنگ کیڈر کی خالی اسامیوں کی تفصیل علیٰحدہ علیٰحدہ دی جائے۔

(د)ان کالجوں کی عمارات کی حالت کیسی ہے کیا تمام کالجوں کی عمارات ٹھیک ہے اور طالب علموں کی تعداد کے مطابق ہیں۔

(ہ)ان کالجوں میں طالب علموں کے لئے ٹرانسپورٹ کی سہولت ہے۔

(و)کیاان کالجوں میں فرنیچر و دیگر ضروری سامان میسر ہے نہیں تو اس کی وجوہات بتائیں۔

(تاریخ وصولی 9 فروری 2021 تاریخ ترسیل 26 مارچ 2021)

جواب

وزیر ہائر ایجوکیشن

(الف)ا۔ گورنمنٹ گریجوایٹ کالج جام پور ڈیرہ روڈ انڈس ہائی وے جام پور

۲۔ گورنمنٹ گریجوایٹ خواتین جام پور نزد سپورٹس کمپلیکس جام پور

۳۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج جام پور نزد سپورٹس کمپلیکس جام پور

۴۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج خواتین داجل ہڑند روڈ داجل

(ب)ا۔ گورنمنٹ گریجوایٹ کالج جام پور Rs. 21674204/-

۲۔ گورنمنٹ گریجوایٹ خواتین جام پور Rs. 15599424/-

۳۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج جام پور Rs. 16638387/-

۴۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج خواتین داجل Rs. 5992424/-

(ج)

| نام کالج | ٹیچنگ | نان ٹیچنگ |
|---|---|---|
| ا۔ گورنمنٹ گریجوایٹ کالج جام پور | 13 | 12 |
| ۲۔ گورنمنٹ گریجوایٹ خواتین جام پور | 13 | 11 |
| ۳۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج جام پور | 04 | 03 |
| ۴۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج خواتین داجل | 17 | 20 |

(د) پی پی 293 میں موجود تمام گورنمنٹ کالجوں کی عمارات بالکل ٹھیک ہیں اور ان میں موجود طالب علموں کی ضروریات کے عین مطابق ہیں۔

(ہ) پی پی 293 میں موجود دو کالجوں میں ٹرانسپورٹ کی سہولت موجود ہے۔ ایسوسی ایٹ کالج خواتین داجل اور گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج جام پور میں ٹرانسپورٹ کی سہولت نہ ہے۔ مزید یہ کہ حکومت پنجاب ہائر ایجوکیشن لاہور کی ہدایات کے مطابق ضلع راجن پور کی بس ڈیمانڈ محکمہ کو بھجوادی گئی ہے جس میں ان دونوں کالجز کی ڈیمانڈ بھی شامل ہے۔

(و) پی پی 293 میں موجود تمام کالجوں میں ہر قسم کی ضروری سہولیات مثلاً فرنیچر. کمپیوٹرز. لیبارٹری کا سامان جیسی تمام سہولیات موجود ہیں جو کہ ان میں موجود طالب علموں کی ضروریات کے مطابق ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 4 مئی 2021)

بروز بدھ 5 مئی 2021 کے ایجنڈا سے جناب سپیکر کے احکامات کی روشنی میں زیر التوا سوال

راجن پور: بوائز کالجز کیلئے رقم کی فراہمی ٹیچنگ اور نان ٹیچنگ اسامیوں کو پر کرنے سے متعلقہ تفصیلات

*6802: محترمہ شازیہ عابد: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع راجن پور کے گرلز و بوائز کالجز کیلئے مالی سال 21-2020 میں کتنی رقم فراہم کی گئی ہے ان کی تفصیل کالجز وائز بتائی جائے؟

(ب) اس ضلع کے کس کس کالج کیلئے رقم برائے تعمیر بلڈنگ و دیگر سہولیات فراہم کی گئی ہے۔

(ج) ان کالجز میں کتنی منظور شدہ ٹیچنگ اور نان ٹیچنگ کی اسامیاں ہیں اوران میں کون کون سی کب سے خالی ہیں نیز ان کو کب تک پر کر دیا جائے گا تفصیل بتائی جائے۔

(د) مذکورہ ضلع کے کالجز میں کون کون سی سہولیات ناکافی ہیں کب تک یہ سہولیات فراہم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

(ہ) کیا حکومت اس ضلع میں طلباء وطالبات کی سہولت کے لیے ڈگری کالجز بنانے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں۔

(تاریخ وصولی 9 فروری 2021 تاریخ ترسیل 26 مارچ 2021)

# جواب

## وزیر ہائر ایجوکیشن

(الف) مالی سال 2020-21 میں فراہم کردہ رقم کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| | |
|---|---|
| ۱۔ گورنمنٹ گریجوایٹ کالج راجن پور | Rs. 23664630/- |
| ۲۔ گورنمنٹ گریجوایٹ کالج جام پور | Rs. 21674207/- |
| ۳۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج فاضل پور | RS. 11331274/- |
| ۴۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج روجھان | Rs. 9408053/- |
| ۵۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج کوٹ مٹھن | Rs. 5500473/- |
| ۶۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج عمر کوٹ | Rs. 5420391/- |
| ۷۔ گورنمنٹ گریجوایٹ کالج خواتین راجن پور | Rs. 15599424/- |
| ۸۔ گورنمنٹ گریجوایٹ کالج خواتین جام پور | Rs. 16056805/- |
| ۹۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج خواتین فاضل پور | Rs. 9586463/- |
| ۱۰۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج خواتین کوٹ مٹھن | Rs. 8511821/- |
| ۱۱۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج خواتین داجل | Rs. 5992427/- |
| ۱۲۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج راجن پور | Rs. 10706252/- |
| ۱۳۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج جام پور | Rs. 16638387/- |
| ۱۴۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج روجھان نزد گریڈا سٹیشن | Rs. 3893006/- |

(ب) ضلع راجن پور میں گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج خواتین محمد پور کی بلڈنگ کی تعمیر کے لئے رقم فراہم کی جاچکی ہے۔ ضلع میں موجود دیگر تمام کالجز میں بلڈنگ کی صورت حال بہتر ہے اور سہولیات بھی موجود ہیں۔

(ج) ان کالجز میں منظور شدہ ٹیچنگ اور خالی اسامیوں کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| نام کالج | منظور شدہ ٹیچنگ اسامیاں | خالی اسامیاں |
|---|---|---|
| ۱۔ گورنمنٹ گریجوایٹ کالج راجن پور | ۴۴ | ۲۶ |
| ۲۔ گورنمنٹ گریجوایٹ کالج جام پور | ۳۵ | ۱۳ |
| ۳۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج فاضل پور | ۲۲ | ۱۳ |
| ۴۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج روجھان | ۲۱ | ۱۸ |
| ۵۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج کوٹ مٹھن | ۱۹ | ۱۶ |
| ۶۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج عمر کوٹ | ۱۸ | ۱۹ |
| ۷۔ گورنمنٹ گریجوایٹ کالج خواتین راجن پور | ۱۳ | ۲۴ |
| ۸۔ گورنمنٹ گریجوایٹ کالج خواتین جام پور | ۲۲ | ۱۳ |
| ۹۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج خواتین فاضل پور | ۲۳ | ۱۲ |
| ۱۰۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج خواتین کوٹ مٹھن | ۲۲ | ۱۸ |
| ۱۱۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج خواتین داجل | ۱۹ | ۱۷ |
| ۱۲۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج راجن پور | ۱۲ | ۰۹ |
| ۱۳۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج جام پور | ۱۱ | ۰۴ |
| ۱۴۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج روجھان نزد گریڈ اسٹیشن | ۰۹ | ۰۷ |
| کل تعداد | ۳۰۲ | ۲۰۱ |

| نام کالج | منظور شدہ ٹیچنگ اسامیاں | خالی اسامیاں |
|---|---|---|
| ۱۔ گورنمنٹ گریجوایٹ کالج راجن پور | ۲۶ | ۰۷ |
| ۲۔ گورنمنٹ گریجوایٹ کالج جام پور | ۲۷ | ۱۲ |
| ۳۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج فاضل پور | ۲۸ | ۲۲ |
| ۴۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج روجھان | ۲۸ | ۲۲ |
| ۵۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج کوٹ مٹھن | ۲۲ | ۲۰ |
| ۶۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج عمرکوٹ | ۲۲ | ۲۰ |
| ۷۔ گورنمنٹ گریجوایٹ کالج خواتین راجن پور | ۳۲ | ۲۳ |
| ۸۔ گورنمنٹ گریجوایٹ کالج خواتین جام پور | ۲۴ | ۱۱ |
| ۹۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج خواتین فاضل پور | ۳۰ | ۲۰ |
| ۱۰۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج خواتین کوٹ مٹھن | ۲۸ | ۲۲ |
| ۱۱۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج خواتین داجل | ۲۲ | ۲۰ |
| ۱۲۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج راجن پور | ۱۲ | ۰۶ |
| ۱۳۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج جام پور | ۱۲ | ۰۳ |
| ۱۴۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج روجھان نزد گرڈ اسٹیشن | ۰۹ | ۰۵ |
| کل تعداد | ۳۲۲ | ۲۱۳ |

ٹیچنگ سٹاف کی منظور شدہ اسامیاں پبلک سروس کمیشن کے تحت پر کی جاتی ہیں جو تقریباً ہر دو تین سال بعد اسامیوں کو پرُ کرنے کے لئے اشتہار دیا جاتا ہے۔ اس سال بھی ٹیچنگ سٹاف کی اسامیوں کو پرُ کرنے کا پراسس جاری ہے۔ جبکہ نان ٹیچنگ کی منظور شدہ اسامیوں کو پرُ کرنے کے لئے محکمہ کو درخواست گزار کر دی گئی ہے اور اس ضمن میں ان کی بھرتی کا عمل بھی پراسیس میں ہے۔

(د) ضلع راجن پور میں موجود تمام گورنمنٹ کالج میں حکومت پنجاب کی طرف سے تمام سہولیات بہم فراہم کر دی گئی ہیں۔

(ہ) ضلع راجن پور کی تحصیل روجھان میں طالبات کے لئے ڈگری کالج بنانے کا ارادہ رکھتی ہے۔ اس ضمن میں وزیر اعلیٰ پنجاب نے بھی تحصیل روجھان میں طالبات کے لئے ڈگری کالج کا اعلان کیا اور اس کے لئے محکمہ کو ضروری دستاویزات فراہم کر دی گئی ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 4 مئی 2021)

بروز بدھ 5 مئی 2021 کے ایجنڈا سے جناب سپیکر کے احکامات کی روشنی میں زیر التوا سوال

لاہور: پی پی 154 اور 155 میں بوائز و گرلز کالجز کی تعداد اور خالی اسامیوں سے متعلقہ تفصیلات

*6843: چودھری اختر علی: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) پی پی 154 اور 155 لاہور میں کتنے کالجز (بوائز و گرلز) کہاں کہاں ہیں؟

(ب) ان کے لئے سال 21-2020 میں کتنی رقم مختص کی گئی ہے تفصیل کالج وائز بتائیں۔

(ج) ان کالجوں میں کتنے ملازمین کس کس عہدہ و گریڈ میں کام کر رہے ہیں تفصیل علیٰحدہ علیٰحدہ کالج وائز بتائیں۔

(د) ان کالجوں میں کون کون سی اسامیاں کب سے خالی ہیں اور ان کو پرُ نہ کرنے کی وجوہات کیا ہیں۔

(ہ)ان کالجوں کی بلڈنگ کی تفصیل علیٰحدہ علیٰحدہ بتائیں کتنی بلڈنگ ناقص اور ناقابل استعمال ہے لیبز کی تفصیل مع سہولیات بتائیں۔

(و) ان کالجوں میں زیر تعلیم طالب علموں کی تفصیل فراہم فرمائیں ان کے لئے جو سہولیات میسر ہیں ان کی تفصیل دی جائے۔

(تاریخ وصولی 17 فروری 2021 تاریخ ترسیل یکم اپریل 2021)

جواب

وزیر ہائر ایجوکیشن

(الف) پی پی 154

ا۔ گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین باغبانپورہ۔

۲۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج آف کامرس باغبانپورہ۔

پی پی 155- گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین رکھ چھبیل مناواں لاہور۔

(ب)(1) گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین باغبانپورہ لاہور کو سال 21-2020 میں کوئی رقم مختص نہیں کی گئی۔

(2) گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج آف کامرس باغبانپورہ لاہور سال 21-2020 میں مبلغ۔/ 18895524 روپے مختص کئے گئے۔

(3) گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین رکھ چھبیل مناواں لاہور سال 21-2020 میں مبلغ۔/22139450 روپے مختص کئے گئے ہیں۔

(ج) (1) گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین باغبانپورہ لاہور۔ تفصیل (1) سینئر برسر 17 سکیل (2) سپرٹینڈنٹ 17 سکیل (3) ہیڈ کلرک 16 سکیل (4) سینئر کلرک 14 سکیل (5)

لیکچرر سپروائزر14 سکیل(6)۲ سینئر لیکچرر اسسٹنٹ10 سکیل(7) کیئر ٹیکر10 سکیل (8)٦ لیبارٹری اٹینڈنٹ 1 سکیل(9)۲ نائب قاصد1 سکیل(10)۲ مالی 1 سکیل(11) اواٹر مین 1 سکیل(12) بلاوی 1 سکیل(13)۲ چوکیدار1 سکیل(14) سوپیر1 سکیل(2) گورنمنٹ ایسوی ایٹ کالج آف کامرس باغبانپورہ۔

تفصیل۔(2) چیف انسٹرکٹر19 سکیل میں ہیں 03 سینئر انسٹرکٹر18 سکیل نان ٹیچنگ سٹاف میں کل 13 ملازمین کام کر رہے ہیں۔

تفصیل درج ذیل ہیں 01لائبریرین17 سکیلڈائریکٹر فزیکل ایجوکیشن17 سکیل01ہیڈ کلرک 16 سکیل01 سینئر کلرک14 سکیل02جونیئر کلرک 11 سکیل02مالی 1 سکیل01 مشین اٹینڈینٹ5 سکیل2چوکیدار1 سکیل02سوپیر1 سکیل(3) گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین رکھ چھبیل مناواں لاہور۔ تفصیل۔08اسسٹنٹ پروفیسر18 سکیل 11 لیکچرار17 سکیل1 ہیڈ کلرک16 سکیل1 سینئر کلرک14 سکیل01جونئیر سکیل 11 سکیل 1 کیئر ٹیکر9 سکیل06 سینئر لیکچرر اسسٹنٹ7 سکیلivکلاس14 سکیل 01

(د) گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین باغبانپورہ لاہور ٹوٹل خالی اسامیوں کی تعداد11 ہیں۔

تفصیل2جونیئر کلرک بوجہ ٹرانسفر2 لیکچرر اسسٹنٹ 1 بوجہ ٹرانسفر1 بوجہ ریٹائرمنٹ 1 سینٹری سپروائزر دوسرے محکمہ بورڈ آفس چلا گیا ہے۔

1 لائبریری کلرک بوجہ ٹرانسفر2 لائبریری اٹینڈینٹ بوجہ ٹرانسفر2 ڈرائیور1 بوجہ ٹرانسفر1 بوجہ ریٹائرمنٹ 1 چوکیدار بوجہ ریٹائرمنٹ

(2) گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج آف کامرس باغبانپور لاہور میں ٹیچنگ سٹاف کی کل 05 آسامیاں
خالی ہیں 01 پرنسپل 20 سکیل 01 چیف انسٹرکٹر 19 سکیل، 02 سینئر
انسٹرکٹر 18 سکیل 01 انسٹرکٹر 17 سکیل

(3) گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین رکھ چھبیل مناواں لاہور۔
02 ایسویس ایٹ پروفیسر 19 سکیل 01 لائبریرین 17 سکیل 01 سینئر کلرک 14 سکیل 01 جونیئر
کلرک 11 سکیل 01 لائبریری کلرک 05 / لیکچرر اسسٹنٹ 7 سکیل 01 مالی
1 سکیل 01 چوکیدار 1 سکیل

(ہ)(1) گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین باغبانپورہ لاہور۔
کالج میں ایف اےِ۔ ایف ایس سی۔ بی اےِ۔ بی ایس سی اور چار سالہ بی ایس کروایا جاتا ہے۔ کالج کا
رقبہ 33 کنال 9 مرلہ ہے' بلڈنگ تسلی بخش ہےِ تمام لیبارٹریاں ورکنگ میں ہیں بچوں کو پریکٹیکل کی
بہتر سہولیات دی جاتی ہیں۔

(2) گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج آف کامرس باغبانپورہ لاہور۔
کالج کا رقبہ 46 کنال ہے بلڈنگ تسلی بخش ہے 01 کمپیوٹر لیب ورکنگ میں ہیں بلڈنگ کرایہ پر ہے

(3) گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین رکھ چھبیل مناواں لاہور
06 لیبارٹریاں ہیں بلڈنگ تسلی بخش ہے۔

(و) گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین باغبانپورہ لاہور۔

کالج میں ایف اے۔ ایف ایس سی۔بی اے۔بی ایس سی اور چار سالہ بی ایس کروایا جاتا ہے۔تعداد

طالبات1434:

(2) گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج آف کامرس باغبانپورہ لاہور۔

طالبات کی تعداد170

(3) گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین رکھ چھبیل مناواں لاہور

طالبات کی تعداد979 کالج ہذا میں تمام سہولیات میسر ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 4 مئی 2021)

بروز بدھ 5 مئی 2021 کے ایجنڈا سے جناب سپیکر کے احکامات کی روشنی میں زیر التوا سوال

لاہور: بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کی آمدن و اخراجات اور خالی اسامیوں سے متعلقہ تفصیلات

*6862: محترمہ عظمیٰ کاردار: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن لاہور کی سال 19-2018، 20-2019 اور 21-2020 کی آمدن و اخراجات بتائیں؟

(ب) اس بورڈ میں گریڈ 17 اور اوپر کی اسامیاں اور ان پر تعینات ملازمین کے نام، عہدہ، گریڈ مع تعلیمی قابلیت بتائیں۔

(ج) اس بورڈ کے پاس کون کون سی سرکاری گاڑیاں کس کس ماڈل اور کمپنی کی ہیں کتنی کتنی مالیت میں خرید کردہ ہیں ان کے اخراجات کی تفصیل تین سالوں کی بتائیں نیز یہ کس کس کے زیر استعمال ہیں۔

(د)اس بورڈ کے گریڈ 17 اوراوپر کے ملازمین کو کون کون سی مراعات حاصل ہیں کیاان کو خصوصی الاؤنس ملتاہے تواس کی تفصیلات دی جائیں۔

(ہ)اس بورڈ کی منظور شدہ اسامیاں اور خالی اسامیاں کتنی کتنی ہیں۔

(و)اس بورڈ میں کتنے افراد کی ان تین سالوں کے دوران کس کس عہدہ و گریڈ پر بھرتی کیا گیاہے ان کے نام، تعلیم، عہدہ اور گریڈ بتائیں ان کی بھرتی کی اتھارٹی کانام، عہدہ مع گریڈ بتائیں۔

(تاریخ وصولی 22 فروری 2021 تاریخ ترسیل 5 اپریل 2021)

جواب

وزیر ہائر ایجوکیشن

(الف) تفصیل برائے مالی سال 19-2018

آمدن 2310.288 (ملین) روپے

اخراجات 2182.314 (ملین) روپے

تفصیل برائے مالی سال 20-2019

آمدن 2287.857 (ملین) روپے

اخراجات 2139.987 (ملین) روپے

تفصیل برائے مالی سال 21-2020

آمدن کا تخمینہ 2281.701 (ملین) روپے

اخراجات کا تخمینہ 2146.010 (ملین) روپے

(ب)اس بورڈ میں گریڈ 17 اور اوپر کی اسامیوں اور ان پر تعینات ملازمین کے نام، عہدہ، گریڈ مع تعلیمی قابلیت کی تفصیل ضمیمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج)بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور کے پاس موجود گاڑیوں کی تعداد، کمپنی، مالیت اور ان کے اخراجات کی تفصیل ضمیمہ "ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د)دوسرے بورڈ ملازمین کی طرح گریڈ 17 اور اُوپر کے ملازمین کو درج ذیل خصوصی مراعات حاصل ہیں:

1۔ سالانہ 4 لیٹ سیٹنگ الاؤنس جاری بنیادی تنخواہ کے برابر دیئے جاتے ہیں۔

2۔ میڈیکل اور ہاؤس رینٹ الاؤنسز 50 فیصد جاری بنیادی تنخواہ کے دیئے جاتے ہیں۔

3۔ چیئرپرسن کو ایک جاری بنیادی تنخواہ کے برابر چیئرمین بائیس الاؤنس دیا جاتا ہے۔

4۔ تمام ملازمین کو موٹر سائیکل، کار اور گھر کی خریداری کے لیے سود کے بغیر قرضہ دیا جاتا ہے۔

(ہ)اس بورڈ کی منظور شدہ اسامیوں کی تعداد 1111 ہے اور خالی اسامیوں کی تعداد 323 ہے۔

(و) تین سالوں کے دوران بھرتی ہونے والے ملازمین کی تعداد اور مطلوبہ تفصیلات ضمیمہ 'ج" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 4 مئی 2021)

## بروز بدھ 5 مئی 2021 کے ایجنڈا سے جناب سپیکر کے احکامات کی روشنی میں زیر التوا سوال

## بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ملتان کی آمدن، اخراجات اور خالی اسامیوں سے متعلقہ تفصیلات

*6865: جناب بابر حسین عابد: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ملتان کی سال 19-2018، 20-2019 اور 21-2020 کی آمدن اور اخراجات بتائیں؟

(ب) اس بورڈ میں گریڈ 17 اور اوپر کی اسامیاں نیز ان پر تعینات ملازمین کے نام، عہدہ، گریڈ مع تعلیمی قابلیت بتائیں۔

(ج) اس بورڈ کے پاس کون کون سی سرکاری گاڑیاں کس کس ماڈل اور کمپنی کی ہیں کتنی کتنی مالیت میں خرید کردہ ہیں ان کے اخراجات کی تفصیل تین سالوں کی بتائیں نیز یہ کس کس کے زیر استعمال ہیں۔

(د) اس کے گریڈ 17 اور اوپر کے ملازمین کو کون کون سی مراعات حاصل ہیں کیا ان کو خصوصی الاؤنس ملتا ہے تو اس کی تفصیلات دی جائیں۔

(ہ) اس بورڈ کی منظور شدہ اسامیاں اور خالی اسامیاں کتنی کتنی ہیں۔

(و) اس بورڈ میں کتنے افراد کی ان تین سالوں کے دوران کس کس عہدہ و گریڈ پر بھرتی کیا گیا ہے ان کے نام، تعلیم، عہدہ مع گریڈ بتائیں ان کی بھرتی کی اتھارٹی کا نام، عہدہ مع گریڈ بتائیں۔

(تاریخ وصولی 22 فروری 2021 تاریخ ترسیل 5 اپریل 2021)

## جواب

وزیر ہائر ایجوکیشن

(الف)مالی سال 19-2018

آمدن:1100557436روپے، اخراجات:1055241492روپے

مالی سال 20-2019

آمدن:1040797138روپے، اخراجات:1078907248روپے

مالی سال 21-2020

آمدن:1195105300روپے، اخراجات:1190316000روپے

(ب)اس بورڈ کے گریڈ 17 اور اُوپر کے ملازمین کی فہرست ضمیمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے جس میں تمام مطلوبہ معلومات درج ہیں۔

(ج)اس بورڈ کے پاس کل 10 گاڑیاں ہیں۔ جن کی مطلوبہ معلومات ضمیمہ "ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہیں۔

(د)دوسرے بورڈ ملازمین کی طرح گریڈ 17 اور اُوپر کے ملازمین کو درج ذیل خصوصی مراعات حاصل ہیں:

1۔ سالانہ 4 لیٹ سیٹنگ الاؤنس جاری بنیادی تنخواہ کے برابر دیئے جاتے ہیں۔

2۔ میڈیکل اور ہاؤس رینٹ الاؤنسز 50٪ جاری بنیادی تنخواہ کے دیئے جاتے ہیں۔

3۔ چیئرپرسن کو ایک جاری بنیادی تنخواہ کے برابر چیئرمین بائیس الاؤنس دیا جاتا ہے۔

4۔ تمام ملازمین کو موٹر سائیکل، کار اور گھر کی خریداری کے لیے سود کے بغیر قرضہ دیا جاتا ہے۔

(ہ) بورڈ کی منظور شدہ اسامیوں کی تعداد (سکیل نمبر 1 تا 20) 572 ہیں۔ جبکہ خالی۔ سامیوں کی تعداد 137 ہیں۔ ضمیمہ "ج" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(و) عدالت عالیہ کے احکامات کی روشنی میں 43 ملازمین (سکیل نمبر 1 تا 11) تعینات کیئے گئے ہیں۔

جبکہ 10 ملازمین (Under Rule 17-A of CSR) کے تحت (سکیل نمبر 1 تا 11) تعینات کیئے گئے ہیں۔ تفصیل ضمیمہ "د" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 4 مئی 2021)

بروز بدھ 5 مئی 2021 کے ایجنڈا سے جناب سپیکر کے احکامات کی روشنی میں زیر التوا سوال

بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ڈیرہ غازی خان کی آمدن، اخراجات اور خالی

اسامیوں سے متعلقہ تفصیلات

*6866: ملک غلام قاسم ہنجرا: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ڈیرہ غازی خان کی سال 19-2018، 20-2019 اور 21-2020 کی آمدن اور اخراجات بتائیں؟

(ب) اس بورڈ میں گریڈ 17 اور اوپر کی اسامیاں اور ان پر تعینات ملازمین کے نام، عہدہ، گریڈ مع تعلیمی قابلیت بتائیں۔

(ج) اس بورڈ کے پاس کون کون سی سرکاری گاڑیاں کس کس ماڈل اور کمپنی کی ہیں یہ کتنی کتنی مالیت میں خرید کردہ ہیں ان کے اخراجات کی تفصیل تین سالوں کی بتائیں نیز یہ کس کس کے زیر استعمال ہیں۔

(د)اس کے گریڈ 17 اوراوپر کے ملازمین کو کون کون سی مراعات حاصل ہیں کیاان کو خصوصی الاؤنس ملتاہے تواس کی تفصیلات دی جائیں۔

(ہ)اس بورڈ کی منظور شدہ اسامیاں اور خالی اسامیاں کتنی ہیں۔

(و)اس بورڈ میں کتنے افراد کوان تین سالوں کے دوران کس کس عہدہ و گریڈ پر بھرتی کیا گیاہے ان کے نام، تعلیم، عہدہ اور گریڈ بتائیں نیز ان کی بھرتی کی اتھارٹی کانام، عہدہ مع گریڈ بتائیں۔

( تاریخ وصولی22فروری 2021 تاریخ ترسیل 5اپریل 2021)

جواب

وزیر ہائر ایجوکیشن

(الف) تفصیل برائے مالی سال 19-2018

آمدن 692.887(ملین)روپے

اخراجات 585.457(ملین) روپے

تفصیل برائے مالی سال 20-2019

آمدن 626.509(ملین)روپے

اخراجات 667.079(ملین) روپے

تفصیل برائے مالی سال 21-2020

آمدن کا تخمینہ 681.325(ملین)روپے

اخراجات کا تخمینہ 881.709(ملین) روپے

(ب)تفصیلات ضمیمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج)تفصیلات ضمیمہ "ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د)دوسرے بورڈ ملازمین کی طرح گریڈ 17 اور اُوپر کے ملازمین کو درج ذیل خصوصی مراعات حاصل ہیں:۔

1۔ سالانہ 4 لیٹ سیٹنگ الاؤنس جاری بنیادی تنخواہ کے برابر دیئے جاتے ہیں۔

2۔ میڈیکل اور ہاؤس رینٹ الاؤنسز 50 فیصد جاری بنیادی تنخواہ کے دیئے جاتے ہیں۔

3۔ چیئرپرسن کو ایک جاری بنیادی تنخواہ کے برابر چیئرمین بائیس الاؤنس دیا جاتا ہے۔

4۔ تمام ملازمین کو موٹر سائیکل، کار اور گھر کی خریداری کے لیے سود کے بغیر قرضہ دیا جاتا ہے۔

(ہ)بورڈ ہذا کی کل منظور شدہ اسامیاں 393 ہیں اور خالی اسامیاں 126 ہیں

(و)تفصیلات ضمیمہ "ج" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 4 مئی 2021)

بروز بدھ 5 مئی 2021 کے ایجنڈا سے جناب سپیکر کے احکامات کی روشنی میں زیر التوا سوال

بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن راولپنڈی کی آمدن، اخراجات سے متعلقہ تفصیلات

*6868: جناب صہیب احمد ملک: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف)بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن راولپنڈی کی سال 19-2018، 20-2019 اور 21-2020 کی آمدن اور اخراجات بتائیں؟

(ب)اس بورڈ میں گریڈ17 اوراوپر کی اسامیاں اوران پر تعینات ملازمین کے نام، عہدہ، گریڈ مع تعلیمی قابلیت بتائیں۔

(ج)اس بورڈ کے پاس کون کون سی سرکاری گاڑیاں کس کس ماڈل اور کمپنی کی ہیں یہ کتنی کتنی مالیت میں خرید کردہ ہیں ان کے اخراجات کی تفصیل تین سالوں کی بتائیں نیز یہ کس کس کے زیر استعمال ہیں۔

(د)اس کے گریڈ17 اوراوپر کے ملازمین کو کون کون سی مراعات حاصل ہیں کیاان کو خصوصی الاؤنس ملتاہے تواس کی تفصیلات دی جائیں۔

(ہ)اس بورڈ کی منظور شدہ اسامیاں اور خالی اسامیاں کتنی کتنی ہیں۔

(و)اس بورڈ میں کتنے افراد کوان تین سالوں کے دوران کس کس عہدہ وگریڈ پر بھرتی کیا گیاہے ان کے نام، تعلیم، عہدہ اور گریڈ بتائیں ان کی بھرتی کی اتھارٹی کانام، عہدہ مع گریڈ بتائیں۔

( تاریخ وصولی22 فروری 2021 تاریخ ترسیل 5اپریل 2021)

جواب

وزیر ہائر ایجوکیشن

(الف)بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، راولپنڈی کی سال 19-2018، 20-2019اور 21-2020 کی آمدن اور اخراجات کی تفصیل ضمیمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب)بورڈ میں گریڈ 17 اور اوپر کی اسامیاں اور ان پر تعینات ملازمین کے نام، عہدہ، گریڈ مع تعلیمی قابلیت کی تفصیل ضمیمہ "ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج)بورڈ کے پاس سرکاری گاڑیوں کے ماڈل / کمپنی مالیت / اخراجات و دیگر تفصیل ضمیمہ ”ج “ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د)دوسرے بورڈ ملازمین کی طرح گریڈ 17 اور اُوپر کے ملازمین کو درج ذیل خصوصی مراعات حاصل ہیں:

1۔ سالانہ 4 لیٹ سیٹنگ الاؤنس جاری بنیادی تنخواہ کے برابر دیئے جاتے ہیں۔

2۔ میڈیکل اور ہاؤس رینٹ الاؤنسز 50 فیصد جاری بنیادی تنخواہ کے دیے جاتے ہیں۔

3۔ چیئرپرسن کو ایک جاری بنیادی تنخواہ کے برابر چیئرمین بائیس الاؤنس دیا جاتا ہے۔

4۔ تمام ملازمین کو موٹر سائیکل، کار اور گھر کی خریداری کے لیے سود کے بغیر قرضہ دیا جاتا ہے۔

(ہ)کل منظور شدہ اسامیوں کی تعداد 710 ہے جبکہ 322 اسامیاں خالی ہیں۔

(و)بورڈ ہذا میں تین سالوں کے دوران بھرتی ہونے والے اہلکاران کی تفصیل ضمیمہ ”د“ ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 4 مئی 2021)

بروز بدھ 5 مئی 2021 کے ایجنڈا سے جناب سپیکر کے احکامات کی روشنی میں زیر التوا سوال

بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن گوجرانوالہ کی آمدن، اخراجات اور خالی اسامیوں سے متعلقہ تفصیلات

*6869: جناب محمد نواز چوہان: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف)بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن گورجوانوالہ کی سال 19-2018، 20-2019 اور 21-2020 کی آمدن اور اخراجات بتائیں؟

(ب)اس بورڈ میں گریڈ17 اوراوپر کی اسامیاں اوران پر تعینات ملازمین کے نام، عہدہ ، گریڈ مع تعلیمی قابلیت بتائیں۔

(ج)اس بورڈ کے پاس کون کون سی سرکاری گاڑیاں کس کس اورماڈل کمپنی کی ہیں یہ کتنی کتنی مالیت میں خرید کردہ ہیں ان کے اخراجات کی تفصیل تین سالوں کی بتائیں نیز یہ کس کس کے زیر استعمال ہیں۔

(د)اس کے گریڈ17 اوراوپر کے ملازمین کو کون کون سی مراعات حاصل ہیں کیاان کو خصوصی الاؤنس ملتاہے تو اس کی تفصیلات دی جائیں۔

(ہ)اس بورڈ کی منظورشدہ اسامیاں اور خالی اسامیاں کتنی کتنی ہیں۔

(و)اس بورڈ میں کتنے افراد کی ان تین سالوں کے دوران کس کس عہدہ و گریڈ پر بھرتی کیا گیا ہے ان کے نام، تعلیم عہدہ مع گریڈ بتائیں ان کی بھرتی کی اتھارٹی کانام، عہدہ مع گریڈ بتائیں۔

(تاریخ وصولی22فروری 2021 تاریخ ترسیل5اپریل2021)

جواب

وزیرہائرایجوکیشن

(الف)جواب ضمیمہ ''الف''ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب)اس بورڈ میں گریڈ17 اور اوپر کی کل اسامیوں کی تعداد114 ہے ان اسامیوں پر 93ملازمین کام کررہے ہیں۔ تعینات کے نام، عہدہ، گریڈ مع تعلیمی قابلیت کی تفصیل ضمیمہ ''ب''ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج)بورڈہذا کے پاس22 مختلف گاڑیاں ہیں ان کے ماڈل / قیمت اور تین سال کے اخراجات کی تفصیل ضمیمہ ''ج''ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د)دوسرے بورڈ ملازمین کی طرح گریڈ 17 اور اُوپر کے ملازمین کو درج ذیل خصوصی مراعات حاصل ہیں:

1۔ سالانہ 4 لیٹ سیٹنگ الاؤنس جاری بنیادی تنخواہ کے برابر دیئے جاتے ہیں۔

2۔ میڈیکل اور ہاؤس رینٹ الاؤنسز 50 فیصد جاری بنیادی تنخواہ کے دیے جاتے ہیں۔

3۔ چیئرپرسن کو ایک جاری بنیادی تنخواہ کے برابر چیئرمین بائیس الاؤنس دیا جاتا ہے۔

4۔ تمام ملازمین کو موٹر سائیکل، کار اور گھر کی خریداری کے لیے سود کے بغیر قرضہ دیا جاتا ہے۔

(ہ)اس بورڈ کی کل منظور شدہ اسامیوں کی تعداد 1098 ہیں اور خالی اسامیاں 386 ہیں اور خالی اسامیوں کی تفصیل ضمیمہ ''د'' ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(و)بورڈ ہذا میں گذشتہ تین سالوں کے دوران 185 ملازمین بھرتی کیے گئے۔ان ملازمین کی تفصیل ضمیمہ ''و'' ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 4 مئی 2021)

بروز بدھ 5 مئی 2021 کے ایجنڈا سے جناب سپیکر کے احکامات کی روشنی میں زیر التوا سوال

بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ساہیوال کی آمدن واخراجات اور خالی اسامیوں سے

متعلقہ تفصیلات

*6870:جناب محمد ارشد ملک: کیاوزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف)بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ساہیوال کی سال 19-2018، 20-2019 اور 21-2020 کی آمدن اوراخراجات بتائیں؟

(ب)اس بورڈ میں گریڈ17 اوراوپر کی اسامیاں اوران پر تعینات ملازمین کے نام،عہدہ، گریڈ مع تعلیمی قابلیت بتائیں۔

(ج)اس بورڈ کے پاس کون کون سی سرکاری گاڑیاں کس کس ماڈل اور کمپنی کی ہیں یہ کتنی کتنی مالیت میں خرید کردہ ہیں ان کے اخراجات کی تفصیل تین سالوں کی بتائیں نیز یہ کس کس کے زیر استعمال ہیں۔

(د)اس کے گریڈ17 اوراوپر کے ملازمین کو کون کون سی مراعات حاصل ہیں کیا ان کو خصوصی الاؤنس ملتا ہے تو اس کی تفصیلات دی جائیں۔

(ہ)اس بورڈ کی منظور شدہ اسامیاں اور خالی اسامیاں کتنی کتنی ہیں۔

(و)اس بورڈ میں کتنے افراد کی ان تین سالوں کے دوران کس کس عہدہ و گریڈ پر بھرتی کیا گیا ہے ان کے نام، تعلیم، عہدہ اور گریڈ بتائیں ان کو بھرتی کرنے والی اتھارٹی کا نام، عہدہ مع گریڈ بتائیں۔

(تاریخ وصولی22 فروری 2021 تاریخ ترسیل 5 اپریل 2021)

جواب

وزیر ہائر ایجوکیشن

(الف)جواب ضمیمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب)اس بورڈ میں گریڈ17 اور اوپر کی کل اسامیاں 32 ہیں اور ان پر تعینات ملازمین کے نام، عہدہ گریڈ اور تعلیمی قابلیت کی تفصیل ضمیمہ "ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج)جواب ضمیمہ "ج" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د)دوسرے بورڈ ملازمین کی طرح گریڈ 17 اور اُوپر کے ملازمین کو درج ذیل خصوصی مراعات حاصل ہیں:

1۔ سالانہ 4 لیٹ سیٹنگ الاؤنس جاری بنیادی تنخواہ کے برابر دیئے جاتے ہیں۔

2۔ میڈیکل اور ہاؤس رینٹ الاؤنسز 50 فیصد جاری بنیادی تنخواہ کے دیے جاتے ہیں۔

3۔ چئیرپرسن کو ایک جاری بنیادی تنخواہ کے برابر چئیرمین بائیس الاؤنس دیا جاتا ہے۔

4۔ تمام ملازمین کو موٹر سائیکل، کار اور گھر کی خریداری کے لیے سود کے بغیر قرضہ دیا جاتا ہے۔

(ہ)اس بورڈ کی کل منظور شدہ اسامیوں کی تعداد 437 اور اس وقت 273 اسامیاں خالی ہیں۔

(و)سال 19-2018، 20-2019 اور 21-2020 کے دوران 55 ڈیلی ویجز ملازمین کورٹ پٹیشنز نمبرز 13625 / 16,18007 / 16,16505 / 16,18284 / 16 عدالت عالیہ، لاہور ہائی کورٹ ملتان بینچ، ملتان اور سپریم کورٹ آف پاکستان کے احکامات کی روشنی میں ریگولر کیا گیا۔ جبکہ 01 ملازم A-17 (پنجاب سول سرونٹ ایکٹ 1974) کے تحت بورڈ آف گورنر کی منظوری کے بعد بھرتی کیا گیا۔ ان ملازمین کے نام، تعلیم، عہدہ کی تفصیل ضمیمہ "و" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 4 مئی 2021)

بروز بدھ 5 مئی 2021 کے ایجنڈا سے جناب سپیکر کے احکامات کی روشنی میں زیر التوا سوال

سرگودھا: پی پی 72 میں بوائز و گرلز کالجز کی تعداد اور خالی اسامیوں سے متعلقہ تفصیلات

*6902: جناب صہیب احمد ملک: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) پی پی 72 سرگودھا میں کہاں کہاں بوائز و گرلز سرکاری کالجز ہیں؟

(ب)ان کالجوں کے لئے کتنی رقم مالی سال 21-2020 میں مختص کی گئی ہے تفصیل کالج وائز بتائیں۔

(ج)ان کالجوں میں ٹیچنگ کیڈراور نان ٹیچنگ کیڈر کی خالی اسامیوں کی تفصیل علیحدہ علیٰحدہ دی جائے۔

(د) ان کالجوں کی عمارات کی حالت کیسی ہے کیا تمام کالجوں کی عمارات ٹھیک ہیں اور طالب علموں کی تعداد کے مطابق ہیں۔

(ہ)ان کالجوں میں طالب علموں کے لئے ٹرانسپورٹ کی سہولت ہے۔

(و) کیاان کالجوں میں فرنیچر و دیگر ضروری سامان میسر ہے نہیں تو اس کی وجوہات بتائیں۔

(ز)ان میں تعینات سٹاف کی مکمل تفصیل عہدہ، گریڈ وائز بتائیں نیز ان کی تعلیمی اسناد کی کاپیاں بھی فراہم فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 27 فروری 2021 تاریخ ترسیل 5 اپریل 2021)

جواب

وزیر ہائر ایجوکیشن

(الف) کالجز کی تفصیل درج ذیل ہے۔

ا۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج بھیرہ۔

۲۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین بھیرہ۔

۳۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج پھلروان۔

۴۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین پھلروان۔

۵۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج میانی۔

۶۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین میانی۔

(ب) رقم کی تفصیل درج ذیل ہے۔

ا۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج بھیرہ۔ -/14999487

۲۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین بھیرہ۔ -/14432702

۳۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج پھلروان۔ -/15191367

۴۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین پھلروان۔ -/14686367

۵۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج میانی۔ -/14728671

۶۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین میانی۔ -/14508279

(ج) کالج وائز تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د) ان کالجوں میں عمارات کی حالت ٹھیک ہے اور طالبات کی تعداد کے مطابق ہے۔

(ہ) مندرجہ ذیل کالجز میں ٹرانسپورٹ کی سہولت موجود ہے۔

ا۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین بھیرہ۔

۲۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین پھلروان۔

(و) تمام کالجز میں فرنیچر اور دیگر ضروری سامان ضروریات کے مطابق موجود ہے۔

(ز) سٹاف کی تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 4 مئی 2021)

## بروز بدھ 5 مئی 2021 کے ایجنڈا سے جناب سپیکر کے احکامات کی روشنی میں زیر التوا سوال

## بہاولپور: گورنمنٹ ڈگری کالج برائے خواتین ہتھیجی میں طالبات، ٹیچنگ سٹاف اور کلاس رومز سے متعلقہ تفصیلات

*6907: ملک خالد محمود بابر: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) گورنمنٹ ڈگری کالج برائے خواتین، ہتھیجی (بہاولپور) میں کلاس وائز طالب علموں کی تعداد کی تفصیل دی جائے؟

(ب) اس کالج کی بلڈنگ کب تعمیر کی گئی تھی اس کی بلڈنگ کی پوزیشن کیسی ہے۔

(ج) اس کالج میں مزید کتنے کلاس رومز اور دیگر بلڈنگ کی تعمیر کی ضرورت ہے۔

(د) اس کالج میں منظور شدہ ٹیچنگ سٹاف کی اسامیاں کتنی ہیں اور کتنی خالی ہیں۔

(ہ) اس کا موجودہ مالی سال کا بجٹ کتنا ہے کتنا ملا ہے اور کتنا بقایا ہے۔

(و) کیا یہ درست ہے کہ اس میں ٹرانسپورٹ کی سہولت طالبات کے لئے نہ ہے اور فرنیچر بھی کم ہے حکومت اس کی ضرورت کے مطابق ضروری سامان اور ٹرانسپورٹ مہیا کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک۔

(تاریخ وصولی 27 فروری 2021 تاریخ ترسیل 5 اپریل 2021)

جواب

وزیر ہائر ایجوکیشن

(الف) گورنمنٹ کالج برائے خواتین ہتھیجی میں طلبہ کی تعداد کی تفصیل درج ذیل ہے۔

سال اول میں 52

سال دوم میں 51

سال سوم میں 24 اور سال چہارم میں 18 طلبہ ہیں۔ کالج کے طلبہ کی ٹوٹل تعداد 145 ہے۔

(ب) گورنمنٹ ڈگری کالج برائے خواتین ہتھیجی سال 2015 میں تعمیر کیا گیا۔ اور اس بلڈنگ کی پوزیشن اچھی اور تسلی بخش ہے۔

(ج) گورنمنٹ ڈگری کالج برائے خواتین ہتھیجی میں کمروں کی تعداد 12 ہے جو کہ طالبات کی تعداد کے لحاظ سے پوری ہے۔ اور کالج میں ایک عدد کمپیوٹر لیب کی ضرورت ہے۔

(د) گورنمنٹ ڈگری کالج برائے خواتین ہتھیجی میں ٹیچنگ کیڈر کی کل منظور شدہ اسامیاں 22 ہیں۔ جن میں خالی اسامیوں کی تفصیل درج ذیل ہے۔

ٹیچنگ اسامیوں کی تفصیل

لیکچرار BS-17

ا۔ لیکچرار باٹنی (01) BS-17 ۲۔ لیکچرار کیمسٹری (01) BS-17 ۳۔ لیکچرار سوکس (01) BS-17 ۴۔ لیکچرار اکنامکس (01) BS-17 ۵۔ لیکچرار ایجوکیشن (01) BS-17 ۶۔ لیکچرار انگلش (01) BS-17 ۷۔ لیکچرار ہوم اکنامکس (01) BS-17 ۸۔ لائبریرین (01) BS-17 ۹۔ لیکچرار ہیلتھ اینڈ فزیکل ایجوکیشن (01) BS-17 ۱۰۔ لیکچرار فزکس (01) BS-17 ۱۱۔ لیکچرار سوشیالوجی (01) BS-17 ۱۲۔ لیکچرار شماریات (01) BS-17 اسسٹنٹ پروفیسر BS-18

ا۔ اسسٹنٹ پروفیسر انگلش (01) BS-18 ۲۔ اسسٹنٹ پروفیسر اسلامیات (01) BS-18 ۳۔ اسسٹنٹ پروفیسر ریاضی (01) BS-18 ۴۔ اسسٹنٹ پروفیسر اردو (01) BS-18

گورنمنٹ ڈگری کالج برائے خواتین ہتھیجی میں 04 CTI's (اردو۔ انگلش۔ کمپیوٹر اور فزکس) کام کر رہی ہیں۔ اس کے علاوہ پنجاب سروس کمیشن کے تحت مستقل تقرری کا عمل بھی جاری ہے۔

(ہ)مالی بجٹ 21-2020:

نان سیلری بجٹ 305400

سیلری بجٹ 7773348

ٹوٹل بجٹ 8078748

خرچہ

نان سیلری بجٹ 230500

سیلری بجٹ 5400320

ٹوٹل بجٹ 5630820

(و) گورنمنٹ ڈگری کالج برائے خواتین ہتھیجی میں ٹرانسپورٹ کی سہولت نہ ہے اور اس کالج میں ٹرانسپورٹ کے لیے ایک کوسٹر کی ضرورت ہے۔اس کے علاوہ 13 اپریل کو طالبات کے لیے مزید 300 کرسی کی Demand ڈی پی آئی کالجز کو بھیج دی جاچکی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 4 مئی 2021)

بروز بدھ 5 مئی 2021 کے ایجنڈا سے جناب سپیکر کے احکامات کی روشنی میں زیر التوا سوال

یونیورسٹی آف ایجوکیشن ملتان کیمپس میں وسی سی، رجسٹرار اور دوسرے افسران کی اسامیاں مع مراعات سے متعلقہ تفصیلات

*6913: جناب بابر حسین عابد: کیاوزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) یونیورسٹی آف ایجوکیشن ملتان کیمپس میں V.C رجسٹرار، ایڈیشنل رجسٹرار، ڈپٹی رجسٹرار، ٹریژار اور ڈین / ہیڈ آفس ڈیپارٹمنٹ کی کتنی اسامیاں ہیں ان پر تعینات ملازمین کے نام، عہدہ، گریڈ، تعلیمی قابلیت اور تعیناتی کب ہوئی تھی؟

(ب)ان کو ماہانہ کیا کیا مراعات حاصل ہیں تنخواہ کے علاوہ دیگر کون کون سے ان کو الاؤنس دیئے جارہے ہیں۔

(ج) ان کے سال20-2019اور21-2020کے اخراجات کی تفصیل علیحدہ علیٰحدہ فراہم فرمائیں۔

(د) ان کے زیر استعمال سرکاری گاڑیوں کی تفصیل مع گاڑی کا نمبر اور ماڈل بتائیں ان کے دوسالوں کے اخراجات بتائیں۔

(ہ) کس کس ملازم کی تعیناتی سنڈیکیٹ کی منظوری سے ہوئی ہے اور کس کس کی بغیر سنڈیکیٹ کی منظوری سے ہوئی ہے اس کی وجوہات کیاہیں۔

(تاریخ وصولی3مارچ2021 تاریخ ترسیل6اپریل2021)

جواب

وزیر ہائر ایجوکیشن

(الف)یونیورسٹی آف ایجوکیشن، لاہور کاملتان کیمپس2002میں یونیورسٹی آف ایجوکیشن، لاہور آرڈیننس2002کے تحت معرض وجود میں آیااور یہاں پرVC، رجسٹرار، ایڈیشنل رجسٹرار، ڈپٹی رجسٹرار، ٹریژرر اور ڈین / ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ کی کوئی اسامی موجود نہیں ہے۔

(ب)چونکہ مذکورہ پوسٹیں موجود نہ ہیں لہذا اس مد میں کوئی الاؤنس نہ دیا جارہا ہے۔

(ج)جیساکہ جزب میں بتایا گیا۔

(د)جیساکہ جزب میں بتایا گیا۔

(ہ)یونیورسٹی آف ایجوکیشن لاہور کے ملتان کیمپس کے لیے VC،رجسٹرار،ایڈیشنل رجسٹرار، ڈپٹی رجسٹرار،ٹریژرر اور ڈین / ہیڈ آفس ڈیپارٹمنٹ کی کوئی پوسٹ منظور شدہ Service Statutes میں موجود نہیں ہے لہٰذا ان پر کسی کی تعیناتی نہیں ہوئی۔

(تاریخ وصولی جواب 4 مئی 2021)

بروز بدھ 5 مئی 2021 کے ایجنڈا سے جناب سپیکر کے احکامات کی روشنی میں زیر التوا سوال

یونیورسٹی آف ایجوکیشن ڈیرہ غازی خان کیمپس میں وی سی، رجسٹرار اور دوسرے افسران کو

حاصل مراعات سے متعلقہ تفصیلات

*6914: ملک غلام قاسم ہنجرا: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) یونیورسٹی آف ایجوکیشن ڈیرہ غازی خان کیمپس میں V.C رجسٹرار، ایڈیشنل رجسٹرار، ڈپٹی رجسٹرار، ٹریژار اور ڈین / ہیڈ آفس ڈیپارٹمنٹ کی کتنی اسامیاں ہیں ان پر تعینات ملازمین کے نام، عہدہ، گریڈ، تعلیمی قابلیت اور تعیناتی کب ہوئی تھی؟

(ب) ان کو ماہانہ کیا کیا مراعات حاصل ہیں تنخواہ کے علاوہ دیگر کون کون سے الاؤنس دیئے جا رہے ہیں۔

(ج) ان کے سال 20-2019 اور 21-2020 کے اخراجات کی تفصیل علیحدہ علیحدہ فراہم فرمائیں۔

(د) ان کے زیر استعمال سرکاری گاڑیوں کی تفصیل مع گاڑی کا نمبر اور ماڈل بتائیں ان کے دو سالوں کے اخراجات بتائیں۔

(ہ) کس کس ملازم کی تعیناتی سنڈیکیٹ کی منظوری سے ہوئی ہے اور کس کس بغیر سنڈیکیٹ کی منظوری سے ہوئی ہے اس کی وجوہات کیا ہیں۔

(تاریخ وصولی 3 مارچ 2021 تاریخ ترسیل 6 اپریل 2021)

جواب

وزیر ہائر ایجوکیشن

(الف) یونیورسٹی آف ایجوکیشن، لاہور کا ڈیرہ غازی خان کیمپس 2002 میں یونیورسٹی آف ایجوکیشن، لاہور آرڈیننس 2002 کے تحت معرض وجود میں آیا اور یہاں پر VC، رجسٹرار، ایڈیشنل رجسٹرار، ڈپٹی رجسٹرار، ٹریژرر اور ڈین / ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ کی کوئی اسامی موجود نہیں ہے۔

(ب) چونکہ مذکورہ پوسٹیں موجود نہ ہیں لہذا اس مد میں کوئی الاؤنس نہ دیا جا رہا ہے۔

(ج) جیسا کہ جز "ب" میں بتایا گیا۔

(د) جیسا کہ جز "ب" میں بتایا گیا۔

(ہ) یونیورسٹی آف ایجوکیشن لاہور کے ڈیرہ غازی خان کیمپس کے لیے VC، رجسٹرار، ایڈیشنل رجسٹرار، ڈپٹی رجسٹرار، ٹریژرر اور ڈین / ہیڈ آفس ڈیپارٹمنٹ کی کوئی پوسٹ منظور شدہ Service Statutes میں موجود نہیں ہے لہٰذا ان پر کسی کی تعیناتی نہیں ہوئی۔

(تاریخ وصولی جواب 4 مئی 2021)

## فیصل آباد: محکمہ ہائر ایجوکیشن کے تحت کالجوں / یونیورسٹیوں کی تعداد اور سہولیات کی فراہمی سے متعلقہ تفصیلات

*5264: جناب محمد طاہر پرویز: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع فیصل آباد میں محکمہ ہائر ایجوکیشن کے کالجوں اور یونیورسٹی کی تفصیل مع نام علیحدہ علیحدہ فراہم کریں؟

(ب) ان کالجوں اور یونیورسٹی کے لئے مالی سال 21-2020 کے لئے کتنی رقم مختص کی گئی ہے۔

(ج) ان اداروں میں اس مالی سال کے دوران کون کون سی سہولیات فراہم کی جائیں گی اور کس کس ادارے کی بلڈنگ تعمیر کی جائے گی یا اضافی کمرہ جات کی تعمیر کی جائے گی۔

(د) ان اداروں میں کون کون سی اسامیاں خالی ہیں یہ اسامیاں کب تک پر کر دی جائیں گی۔

(ہ) کیا ان اداروں میں جدید لیبز، ملٹی پرپز ہال اور کمپیوٹر لیب ہیں۔

(تاریخ وصولی 20 جولائی 2020 تاریخ ترسیل 21 ستمبر 2020)

جواب

وزیر ہائر ایجوکیشن

(الف) ضلع فیصل آباد میں محکمہ ہائر ایجوکیشن کے ماتحت کام کرنے والے کالجز کی تعداد 48 ہے جن میں 20 میل اور 28 فی میل کالجز ہیں۔ جبکہ 2 یونیورسٹیاں کام کر رہی ہیں (تفصیل Annex-A) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) ضلع فیصل آباد کے کالجز کے لیے مالی سال 21-2020 میں مختص کی گئی رقم کی تفصیل (Annex-B) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج)ان اداروں میں مالی سال 21-2020 میں جن سہولیات کی ضرورت ہے ان کی تفصیل (Annex-C)ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔عدم دستیاب سہولیات کو محکمہ ہائر ایجوکیشن سالانہ ترقیاتی سکیم "Provision of Missing Facilities in Higher Education Department"میں مختص کی گئی 50 ملین کی رقم میں سے ضروریات اور ترجیحات کی بنیاد پر فراہم کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔جبکہ گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج سمندری میں 16 کمرہ جات کی تعمیر جاری ہے۔

(د) ضلع فیصل آباد کے کالجز میں خالی اسامیوں کی تفصیل(Annex-D)ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔پنجاب پبلک سروس کمیشن کی جانب سے لیکچرار کی اسامیاں پر کرنے کا عمل جاری ہے۔ جبکہ نان ٹیچنگ سٹاف کی اسامیاں پر کرنے کے لئے گورنمنٹ کی ہدایت کے مطابق عمل کیا جائے گا۔

(ہ) ضلع فیصل آباد کے کالجز میں سائنس لیبز، ملٹی پرپز ہال اور کمپیوٹر لیبز کی تفصیل۔ (Annex-E)ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 29 دسمبر 2020)

## منڈی بہاؤالدین گورنمنٹ گرلز کالج کے قیام ،سٹاف اور خالی اسامیوں کی تعداد سے متعلقہ تفصیلات

*5867: محترمہ فائزہ مشتاق: کیاوزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) گورنمنٹ گرلز کالج منڈی بہاؤالدین کب سے قائم ہے؟

(ب)Students کی مکمل تعداد کلاس وائز بتائی جائے نیز کتنی طالبات ہاسٹل میں رہائش پذیر ہیں۔

(ج) کالج کی ٹیچنگ اور نان ٹیچنگ سٹاف کی تعداد اور خالی اسامیوں کی تفصیل بتائی جائے۔

(د) مذکورہ کالج میں کن کن مضامین کو گریجویشن کیلئے پڑھایا جاتا ہے۔

(ہ) پوسٹ گریجویٹ کن مضامین میں کروایا جاتا ہے۔

(تاریخ وصولی 16 ستمبر 2020 تاریخ ترسیل 18 نومبر 2020)

جواب

وزیر ہائر ایجوکیشن

(الف) گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین منڈی بہاؤالدین 1973-09-01 کو قائم ہوا۔

نیز کالج کوڈ (346202) ہے۔

(ب) ۱۔ فرسٹ ائیر 1303

۲۔ سیکنڈ ائیر 1412

۳۔ تھرڈ ائیر 700

۴۔ فورتھ ائیر 600

۵۔ ففتھ ائیر 30

۶۔ سکستھ ائیر 88

ہاسٹل میں طالبات کی تعداد 60 ہے۔

(ج)۱۔ اساتذہ کی تعداد 37 ہے۔

۲۔ اساتذہ کی خالی اسامیاں 28 ہیں۔

۳۔ ملازمین کی تعداد 28 ہے۔

۴۔ خالی اسامیاں 11 ہیں۔

(د) مضامین بی اے

انگلش 'اردو' سائیکالوجی 'اکنامکس 'جرنلزم 'حساب 'ہیلتھ 'فزیکل
ایجوکیشن 'ہسٹری 'سوکس 'فارسی 'ایجوکیشن

مضامین بی ایس سی

کیمسٹری 'فزکس 'باٹنی 'زوالوجی 'بیالوجی 'میتھ 'نفسیات

(ہ) انگلش 'اکنامکس 'حساب 'سائیکالوجی 'ہسٹری

(تاریخ وصولی جواب 29 مارچ 2021)

فیصل آباد: جی سی یونیورسٹی میں داخلوں میں بے ضابطگیوں سے متعلقہ تفصیلات

*6133: جناب محمد طاہر پرویز: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں سال 2019 اور 2020 میں کس کس کلاس میں داخلہ ہوا
ہر کلاس میں کتنے طالب علموں کو داخلہ ملا اور کس کس کیٹیگری کے تحت داخلہ ملا؟

(ب) ان طالب علموں سے کتنی فیس وصول کی گئی تھی فی طالب علم کتنی فیس وصول کی گئی۔

(ج) کیا تمام داخلے میرٹ پر ہوئے تو میرٹ لسٹ فراہم فرمائیں۔

(د) کیا یہ درست ہے کہ ان سالوں کے دوران میرٹ سے ہٹ کر داخلے بھی کئے گئے ہیں جس میں اس یونیورسٹی کی انتظامیہ ملوث ہے۔

(ہ) کیا حکومت اس بابت یونیورسٹی کی انتظامیہ کے خلاف کارروائی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک۔

(تاریخ وصولی یکم اکتوبر2020 تاریخ ترسیل 15 دسمبر2020)

جواب

وزیر ہائر ایجوکیشن

(الف) جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں سال 2019 اور 2020 میں 52 ہائے شعبہ جات کی کلاسوں / پروگراموں میں داخلہ دیا گیا۔ جس کی تفصیل درج ذیل ہیں:

| | 2019 | 2020 |
|---|---|---|
| 1-BS | 5733 | 5528 |
| 2-MA/ MSc | 1866 | |

چونکہ بی اے / بی ایس سی کا رزلٹ کچھ عرصہ قبل ڈکلیئر ہوا ہے لہذا ایم اے / ایم ایس سی میں داخلے جاری ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 3-MS/ MPHIL | 1075 | 1408 |
| 4-PhD | 189 | 287 |

(ب) ان طالب علموں سے یونیورسٹی کی (Statutory Bodies) سے منظور شدہ فیس وصول کی جاتی ہے اور تمام پروگرامز کا فیس سٹرکچر ضمیمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دیا گیا ہے۔

(ج) جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کے مطابق یونیورسٹی ہذا میں تمام داخلے میرٹ اور منظور شدہ کوٹہ پر ہوئے ہیں۔ میرٹ لسٹیں یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر موجود ہیں اور مندرجہ ذیل لنک پر ملاحظہ کی جاسکتی ہیں:

(د) جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کے مطابق یونیورسٹی میں میرٹ سے ہٹ کر کوئی بھی داخلہ نہیں کیا گیا۔

(ہ) اگر محکمہ کو یونیورسٹی انتظامیہ کے خلاف ٹھوس ثبوتوں کے ساتھ کوئی شکایت موصول ہوئی تو اس کی تحقیقات کروائی جائیں گی۔

(تاریخ وصولی جواب 19 جنوری 2021)

رحیم یار خان: گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج میانوالی قریشیاں کے قیام، سٹاف کی تعداد اور اسامیوں سے متعلقہ تفصیلات

*6378: سید عثمان محمود: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج میانوالی قریشیاں ضلع رحیم یار خان کب قائم کیا گیا؟

(ب) اس کالج میں طالبات کی تعداد کلاس وائز مع بلڈنگ کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) کالج ہذا میں ٹیچنگ اور نان ٹیچنگ سٹاف کی تعداد اور کون سی اسامیاں کب سے خالی ہیں علیحدہ علیحدہ تفصیل فراہم کی جائے۔

(د)اس کالج میں کون کون سی مسنگ فسیلٹیز ہیں اور کب تک فراہم کر دی جائیں گی۔

(تاریخ وصولی 5 نومبر 2020 تاریخ ترسیل 29 دسمبر 2020 )

جواب

وزیر ہائرایجوکیشن

(الف) گورنمنٹ ڈگری کالج برائے خواتین میانوالی قریشیاں ضلع رحیم یار خان بتاریخ 30 ستمبر 2019 میں قائم کیا گیا۔

(ب)طالبات کی تعداد کلاس وائز درج ذیل ہے۔

| کلاس | تعداد |
|---|---|
| فرسٹ ائیر | 60 |
| سیکنڈ ائیر | 80 |
| تھرڈ ائیر | 19 |
| فورتھ ائیر | 11 |
| ٹوٹل طالبات | 170 |

بلڈنگ کی تفصیل درج ذیل ہے:۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ایڈمن بلاک | 01 | کلاس روم | 12 |
| لیبارٹریز | 04 | کمپیوٹر لیب | 01 |
| لائبریری | 01 | ہاسٹل | (05 رومز) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| پرنسپل رہائش گاہ | 01 | نان گزٹیڈ سٹاف کوارٹر | 02 |
| بس گیراج | 02 | گارڈروم | 01 |

(ج) گورنمنٹ ڈگری کالج برائے خواتین میانوالی قریشیاں ضلع رحیم یار خان میں ٹیچنگ سٹاف کی تعداد 19 ہے اور نان ٹیچنگ سٹاف کی تعداد 22 ہے سکیل وائز تفصیل درج ذیل ہے۔

| اسامی | منظور شدہ اسامیاں | خالی اسامیاں |
|---|---|---|
| پرنسپل(BS-19) | 01 | - |
| اسسٹنٹ پروفیسر (BS-18) | 02 | 02 |
| لیکچرار(BS-17) | 15 | 13 |
| لائبریرین(BS-17) | 01 | 01 |
| کل ٹیچنگ سٹاف | 19 | 16 |
| ہیڈ کلرک(BS-16) | 01 | 01 |
| جونئیر کلرک(BS-11) | 01 | 01 |
| کیئر ٹیکر(BS-09) | 01 | 01 |
| لیکچرار اسسٹنٹ(BS-07) | 03 | 03 |
| لائبریری کلرک(BS-07) | 01 | 01 |
| درجہ چہارم ملازمین(BS-01) | 15 | 11 |
| کل نان ٹیچنگ سٹاف | 22 | 18 |

(د)

| | |
|---|---|
| آڈیٹوریم (ہال) | واٹر فلٹریشن پلانٹ |
| لینڈلائن فون کنکشن وانٹرنیٹ کی فراہمی | سوئی گیس کنکشن |
| میٹلڈروڈ(150 میٹر) | اسٹینڈرڈ چار دیواری مع خاردار تار |

مندرجہ بالا مسنگ فیسلیٹیز کے بارے میں محکمہ ہائر ایجوکیشن نے دسمبر 2020 میں تمام پبلک کالجز سے تفصیلات طلب کر لی ہیں جن پر جلد ہی عملدرآمد متوقع ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 29 مارچ 2021)

لاہور کی حدود میں سرکاری اور پرائیویٹ یونیورسٹیوں سے متعلقہ تفصیلات

*6502: چودھری اختر علی: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) لاہور کی حدود میں کون کون سی سرکاری اور کون کون سی پرائیویٹ یونیورسٹی چل رہی ہیں ان کے نام مع جگہ کی تفصیل دی جائے؟

(ب) ان یونیورسٹی کو کب اور کس اتھارٹی نے بطور یونیورسٹی منظور کیا۔

(ج) ان یونیورسٹی کی حکومت کو چیک اینڈ بیلنس کا اختیار ہے پرائیویٹ یونیورسٹی کو کون کون چیک کر سکتا ہے۔

(د) پرائیویٹ یونیورسٹی کے سنڈیکیٹ میں کون کون سے ممبران اسمبلی بطور ممبر نامزد کردہ ہیں۔

(ہ) کیا حکومت غیر قانونی چلنے والی یونیورسٹی کو بند کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک۔

(تاریخ وصولی 17 دسمبر 2020 تاریخ ترسیل 18 فروری 2021)

جواب

وزیر ہائر ایجوکیشن

(الف) لاہور شہر میں اس وقت 07 سرکاری اور 19 پرائیویٹ یونیورسٹیاں کام کر رہی ہیں۔ نام اور جگہ کی تفصیل ضمیمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) تمام سرکاری اور پرائیویٹ یونیورسٹیاں متعلقہ مجاز اتھارٹی (صوبائی اسمبلی، پنجاب) سے منظور شدہ ہیں۔

(ج) جی ہاں، حکومت کے پاس نجی جامعات کے چیک اینڈ بیلنس کا اختیار ہے۔ گورنر پنجاب بطور چانسلر / پیٹرن سرکاری اور نجی جامعات کو چیک کر سکتے ہیں جبکہ پنجاب ہائر ایجوکیشن کمیشن کے پاس بھی یہ اختیار ہے کہ وہ نجی جامعات کو چیک کر سکے۔

(د) پرائیویٹ یونیورسٹی سینڈیکیٹ کی بجائے بورڈ آف گورنرز کے تحت چلائی جاتی ہے۔ لاہور شہر کی پرائیویٹ یونیورسٹیز میں صوبائی اسمبلی کے اراکین کی بطور رکن بورڈ آف گورنرز کی تفصیل ضمیمہ "ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے

(ہ) اس وقت لاہور میں کام کرنے والی یونیورسٹیز قانون کے تحت کام رہی ہیں۔ تاہم اگر کسی غیر قانونی ادارے کے کام کرنے کی اطلاعات ملیں تو حکومت اس کے خلاف باقاعدہ کارروائی کرے گی۔

(تاریخ وصولی جواب 29 مارچ 2021)

## یونیورسٹی آف پنجاب لاہور میں بی ایس ڈیزاسٹر مینجمنٹ پروگرام کی شروعات اور سیٹوں کی تعداد و کیٹیگری سے متعلقہ تفصیلات

*6550: محترمہ حناء پرویز بٹ: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) یونیورسٹی آف پنجاب میں بی ایس ڈیزاسٹر مینجمنٹ پروگرام کب شروع ہوا اس پروگرام میں کتنی سیٹیں کس کس کیٹیگری کی مقرر کی گئیں تھیں۔

(ب) مذکورہ پروگرام میں ایڈمشن کس تاریخ کو شروع کیا گیا اور آخری تاریخ کیا تھی آخری تاریخ تک کتنے طالبعلموں نے آن لائن اور دوسرے ذرائع سے اپنے ایڈمیشن فارم جمع کروائے ان میں سے کتنے طالب علموں کو داخلہ ملا اور کتنی Applications مسترد ہوئیں ان کے ناموں کی الگ الگ کیٹیگری وائز تفصیل بتائی جائے۔

(ج) اس پروگرام کے تحت جو درخواستیں مسترد ہوئیں ان درخواستوں کی تفصیل اور وجوہات سے آگاہ فرمائیں؟

(د) اس پروگرام میں کنفرم ہونے والے طلباء وطالبات کو کب تک اگاہ کردیا جائے گا تاخیر کی وجوہات کیا ہیں۔

(تاریخ وصولی 4 جنوری 2021 تاریخ ترسیل 19 فروری 2021)

جواب

وزیر ہائر ایجوکیشن

(الف) یونیورسٹی آف پنجاب، لاہور میں میں بی ایس ڈیزاسٹر مینجمنٹ پروگرام نہیں پڑھایا جاتا۔

(ب) جواب کے لیے حصہ الف ملاحظہ کیجیے۔

(ج) جواب کے لیے حصہ الف ملاحظہ کیجیے۔

(د) جواب کے لیے حصہ الف ملاحظہ کیجیے۔

(تاریخ وصولی جواب 29 مارچ 2021)

## اوکاڑہ: پی پی 189 میں سرکاری کالجز اور یونیورسٹی کیلئے مختص رقوم کے استعمال سے متعلقہ تفصیلات

*6812: جناب منیب الحق: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) پی پی 189 اور اوکاڑہ شہر کے کالجز اور سرکاری یونیورسٹی کے لیے کتنی رقم مالی سال 21-2020 میں مختص کی گئی ہے؟

(ب) ان کالجز اور یونیورسٹی کے کون کون سے کام اس سال کے دوران مکمل کئے جائیں گے۔

(ج) ان میں کون کون سی مسنگ فسیلٹیز فراہم کی جائیں گی کالج وائز تفصیل دی جائے۔

(د) ان میں کون کون سی خالی اسامیاں پر کی جائیں گی۔

(ہ) ان کالجز اور یونیورسٹی میں فرنیچر کون کون سی قسم کا فراہم کیا جائے گا۔

(و) ان کالجوں اور یونیورسٹیوں کے لیے کون کون سی ٹرانسپورٹ فراہم کی جائے گی۔

(تاریخ وصولی 10 فروری 2021 تاریخ ترسیل 31 مارچ 2021)

### جواب

وزیر ہائر ایجوکیشن

(الف) پی پی 189 اوکاڑہ شہر میں سرکاری کالجز کو جو رقم مالی سال 21-2020 میں مختص کی گئی وہ درج ذیل ہے۔

۱۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج اوکاڑہ کو -/58.596 ملین روپے کی رقم فراہم کی گئی ہے۔

۲۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج کامرس اوکاڑہ کو -/17.080 ملین روپے کی رقم فراہم کی گئی ہے۔

۳۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین ساؤتھ سٹی اوکاڑہ کو-/19.062 ملین روپے کی رقم فراہم کی گئی ہے۔

۴۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین اوکاڑہ کو-/37.015 ملین روپے کی رقم فراہم کی گئی ہے۔

حکومت پنجاب نے اوکاڑہ یونیورسٹی کے لئے مالی سال 21-2020 کے لئے 92 ملین روپے مختص کئے ہیں۔

(ب)اوکاڑہ کالجز میں مندرجہ ذیل کام مکمل کئے جائیں گے۔

ا۔ نئی کمپیوٹر لیب بنائی جائیں گی۔(گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج اوکاڑہ)

۲۔ پرانی کمپیوٹر لیب کو اپ ڈیٹ کیا جائے گا۔(گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج آف کامرس اوکاڑہ)

۳۔ سٹوڈنٹس کے لئے واش رومز بنائے جائیں گے۔(گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین ساؤتھ سٹی اوکاڑہ)

۴۔ کمپیوٹر لیبز کے لئے نئی کرسیاں خریدی جائیں گی۔(گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین اوکاڑہ)

یہ کام آئندہ مالی سال میں فنڈز کی فراہمی کی صورت میں مکمل کئے جائیں گے۔

اس سال مالی سال 21-2020 کے دوران اوکاڑہ یونیورسٹی نے پی ایچ ڈی بلاک. تعلیمی بلاک اور پرانے تعلیمی بلاک کی تجدید کا کام مکمل کیا۔

(ج)ان کالجوں میں مسنگ فیسلیٹیز / بلاک فراہم کرنے کے لئے آئندہ مالی سال میں تجویز دی جائے گی حکومتی منظوری اور فنڈز کی دستیابی کے مطابق عملدرآمد کیا جائے گا۔

اوکاڑہ یونیورسٹی میں سائنٹیفک لیب کی تکمیل مع سائنٹیفک آلات کی خریداری، نئے اکیڈمک بلاک کی تکمیل اور فیکلٹی وسٹاف کے لیے بیچلرز گیسٹ ہاؤس کی تکمیل فنڈ ملنے کی صورت میں مکمل کیے جائیں گے۔

(د)اوکاڑہ کالجز میں تمام خالی اسامیوں کو پر کرنے کے لیے حکام بالا کو لکھ دیا گیا ہے۔

یونیورسٹی کے سروس سٹیچوز کے مطابق اشتہار دیا گیا تھا جس کے مطابق شائع شدہ انتظامی و تکنیکی اسامیاں جلد پر کر دی جائیں گی۔

(ہ)اوکاڑہ کالجز میں سٹوڈنٹ کرسیاں. سٹاف روم کرسیاں ملٹی پرپز ہال کیلئے کرسیاں کالج فنڈز سے فراہم کی جائیں گی۔

اوکاڑہ یونیورسٹی نے طلباء کو کلاس رومز کے لئے آرام دہ کرسیاں مہیا کیں۔

(و)پی پی 189 اوکاڑہ شہر کے تین کالجوں کے پاس بڑی بسیں ہیں اور گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج (کامرس)اوکاڑہ کیلئے ایک عدد نئی منی بس فراہم کرنے کیلئے تجویز دے دی گئی ہے۔

مالی سال 21-2020 کے بجٹ تخمینے میں اوکاڑہ یونیورسٹی میں بسوں کی کوئی رقم مختص نہیں ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 25 مئی 2021)

## بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاولپور کی آمدن، اخراجات اور خالی اسامیوں سے متعلقہ تفصیلات

*6864: چودھری مظہر اقبال: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاولپور کی سال 19-2018، 20-2019 اور 21-2020 کی آمدن اور اخراجات بتائیں؟

(ب) اس بورڈ میں گریڈ 17 اور اوپر کی اسامیاں نیز ان پر تعینات ملازمین کے نام، عہدہ گریڈ اور تعلیمی قابلیت بتائیں۔

(ج) اس بورڈ کے پاس کون کون سی سرکاری گاڑیاں کس کس ماڈل اور کمپنی کی ہیں کتنی کتنی مالیت میں خرید کردہ ہیں ان کے اخراجات کی تفصیل تین سالوں کی بتائیں نیز یہ کس کس کے زیر استعمال ہیں۔

(د) اس کے گریڈ 17 اور اوپر کے ملازمین کو کون کون سی مراعات حاصل ہیں کیا ان کو خصوصی الاؤنس ملتا ہے تو اس کی تفصیلات دی جائیں۔

(ہ) اس بورڈ کی منظور شدہ اسامیاں اور خالی اسامیاں کتنی کتنی ہیں۔

(و) اس بورڈ میں کتنے افراد کو ان تین سالوں کے دوران کس کس عہدہ و گریڈ پر بھرتی کیا گیا ہے ان کے نام، تعلیم، عہدہ مع گریڈ بتائیں نیز ان کی بھرتی کی اتھارٹی کا نام، عہدہ مع گریڈ بتائیں۔

(تاریخ وصولی 10 فروری 2021 تاریخ ترسیل 5 اپریل 2021)

## جواب

وزیر ہائر ایجوکیشن

(الف) آمدنی اور اخراجات کی تفصیلات ضمیمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

تفصیل برائے مالی سال 19-2018

| | |
|---|---|
| آمدن | 745.911(ملین) |
| اخراجات | 730.973(ملین) |

تفصیل برائے مالی سال 20-2019

| | |
|---|---|
| آمدن | 720.076(ملین) |
| اخراجات | 791.731(ملین) |

تفصیل برائے مالی سال 21-2020

| | |
|---|---|
| آمدن کا تخمینہ | 826.446(ملین) |
| اخراجات کا تخمینہ | 893.054(ملین) |

(ب) اس بورڈ میں گریڈ 17 اور اوپر کی اسامیوں کی کل تعداد 44 ہے اور ان پر تعینات ملازمین / آفیسران کے نام، عہدہ، گریڈ اور تعلیمی قابلیت کی تفصیل، ضمیمہ "ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، بہاولپور کے پاس کل 15 گاڑیاں موجود ہیں ان کی تفصیل ضمیمہ "ج" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د) دوسرے بورڈ ملازمین کی طرح گریڈ 17 اور اُوپر کے ملازمین کو درج ذیل خصوصی مراعات حاصل ہیں:

1۔ سالانہ 4 لیٹ سیٹنگ الاؤنس جاری بنیادی تنخواہ کے برابر دیئے جاتے ہیں۔

2۔ میڈیکل اور ہاؤس رینٹ الاؤنسز 50 فیصد جاری بنیادی تنخواہ کے دیے جاتے ہیں۔

3۔ چیئرپرسن کو ایک جاری بنیادی تنخواہ کے برابر چیئرمین بائیس الاؤنس دیا جاتا ہے۔

4۔ تمام ملازمین کو موٹر سائیکل، کار اور گھر کی خریداری کے لیے سود کے بغیر قرضہ دیا جاتا ہے۔

(ہ) بورڈ ہذا میں منظور شدہ اسامیوں کی کل تعداد 469 ہے جس میں 04 مستعار الخدمتی افسران ہیں۔ بورڈ ملازمین کی موجودہ کل تعداد 338 ہے اور خالی اسامیوں کی تعداد 127 ہے۔ تفصیلات ضمیمہ "د" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(و) تین سالوں کے دوران بھرتی ہونے والے ملازمین کی تعداد 53 ہیں اور مطلوبہ تفصیلات ضمیمہ "ہ" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 25 مئی 2021)

## گورنمنٹ کالج برائے خواتین میانوالی میں تدریسی وغیر تدریسی عملہ کی تعداد اور خالی اسامیوں سے متعلقہ تفصیلات

*6884: محترمہ عائشہ اقبال: کیاوزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) گورنمنٹ کالج برائے خواتین میانوالی میں کل کتنی طالبات زیر تعلیم ہیں؟

(ب) مذکورہ کالج میں تدریسی وغیر تدریسی عملہ کی تعداد کتنی ہے نیز فی الوقت کل کتنی تدریسی وغیر تدریسی اسامیاں خالی ہیں مکمل رپورٹ فراہم فرمائیں۔

(ج) کیاحکومت متذکرہ کالج کی خالی اسامیوں کو پُر کرنے کا کوئی ارادہ رکھتی ہے اگرہاں توکب تک ان اسامیوں پر بھرتی مکمل کرلی جائے گی۔

(د) کیا گورنمنٹ کالج برائے خواتین میانوالی اوراس سے ملحقہ ہاسٹل میں وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ضرورت کے مطابق اس کی تعمیر وتوسیع کی گئی ہے۔ مکمل تفصیلات سے آگاہ فرمائیں۔

(ہ) کیا یہ درست ہے کہ متذکرہ کالج کے ہاسٹل میں ابھی تک گیس کی سہولت میسر نہیں ہے اگرہاں توکیا حکومت مستقبل میں یہ سہولت فراہم کرنے کا کوئی ارادہ رکھتی ہے۔

(تاریخ وصولی24 فروری 2021 تاریخ ترسیل 5اپریل 2021)

جواب

وزیر ہائر ایجوکیشن

(الف) گورنمنٹ کالج برائے خواتین میانوالی میں کل 2180 طالبات زیر تعلیم ہیں۔

(ب)

| تعداد | تدریسی عملہ |
|---|---|
| منظور شدہ سیٹیں | 45 |
| ورکنگ | 28 |
| خالی | 17 |

| تعداد | غیر تدریسی عملہ |
|---|---|
| منظور شدہ | 39 |
| ورکنگ | 26 |
| خالی | 13 |

| | |
|---|---|
| ٹوٹل سیٹیں | 84 |
| ورکنگ | 54 |
| خالی | 30 |

(ج) تمام تر غیر تدریسی و تدریسی عملہ کی خالی اسامیوں کو گورنمنٹ آف پنجاب کی پالیسی کے تحت پر کیا جائے گا۔

(د) گورنمنٹ کالج برائے خواتین میانوالی میں ماہ فروری سال 2011 میں ملٹی پرپز ہال تعمیر ہوا اسکے علاوہ سال 2006 میں سینیٹر اکبر خواجہ کے نام سے منسوب آٹھ کلاس رومز، آٹھ واش رومز اور ایک لائبریری پر مشتمل پوسٹ گریجوایٹ بلاک تعمیر ہوا اسکے علاوہ کالج سے ملحقہ ہاسٹل میں کوئی تعمیر یا توسیع نہ ہوئی ہے۔

(ہ) جی بالکل مذکورہ کالج سے ملحقہ ہاسٹل میں گیس کی سہولت میسر نہیں ہے تاہم کالج کی جانب سے ہاسٹل کے لئے گیس کنکشن کی فراہمی کے لئے سفارش متعلقہ فورم تک ارسال کی جاچکی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 26 مئی 2021)

لاہور کے گورنمنٹ کالجز میں میل اور فی میل پروفیسرز اور لیکچرار کی تعداد سے متعلقہ تفصیلات

*6900: محترمہ عظمیٰ کاردار: کیا وزیر ہائرایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) صوبہ کے صوبائی دارالحکومت لاہور کے گورنمنٹ کالجز میں کتنے میل اور فی میل پروفیسرز، ایسوسی ایٹ پروفیسرز، اسسٹنٹ پروفیسرز اور لیکچرار ڈیوٹی دے رہے ہیں سبجیکٹ وائز تعداد دی جائے؟

(ب) لاہور کے گورنمنٹ کالجز میں میل اور فی میل پروفیسرز، ایسوسی ایٹ پروفیسرز، اسسٹنٹ پروفیسرز اور لیکچرار کی خالی پوسٹوں کی تعداد کتنی ہے سبجیکٹ وائز تعداد دی جائے۔

(ج) کیا حکومت لاہور کے گورنمنٹ کالجز میں خالی میل اور فی میل پروفیسرز، ایسوسی ایٹ پروفیسرز، اسسٹنٹ پروفیسرز اور لیکچرار کی اسامیاں پر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اگر ہاں تو کب تک۔

(تاریخ وصولی 24 فروری 2021 تاریخ ترسیل 5 اپریل 2021)

## جواب

وزیر ہائر ایجوکیشن

(الف)

| | | |
|---|---|---|
| لیکچرار | میل675 | فی میل948 |
| اسسٹنٹ پروفیسر | میل862 | فی میل1256 |
| ایسوی ایٹ پروفیسر | میل363 | فی میل480 |
| پروفیسر | میل82 | فی میل96 |

(ب)لاہور ڈویژن میں ضلع وائز میل اور فی میل خالی اسامیوں کی تعداد کی تفصیل

| | | |
|---|---|---|
| ضلع لاہور | میل257 | فی میل224 |
| ضلع قصور | میل36 | فی میل118 |
| ضلع شیخوپورہ | میل67 | فی میل129 |
| ضلع ننکانہ صاحب | میل33 | فی میل83 |

مضمون وائز، تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج)لیکچرار کی بھرتی کا عمل پنجاب پبلک سروس کمیشن کے ذریعے شروع کیا جا چکا ہے۔اس سلسلے میں کمیشن کی سفارشات موصول ہو رہی ہیں اور خالی اسامیوں پر بھرتی جلد ہی مکمل کر لی جائے گی۔

(تاریخ وصولی جواب 25 مئی 2021)

## لاہور کالج فارووومن یونیورسٹی کے ترقیاتی اور غیر ترقیاتی فنڈز سے متعلقہ تفصیلات

*6929: محترمہ خدیجہ عمر: کیاوزیر ہائرایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف)لاہور کالج فاروویمن یونیورسٹی لاہور کومالی سال 18-2017، 19-2018اور 20-2019 میں کتنافنڈ ملا، ترقیاتی اور غیر ترقیاتی فنڈ کی تفصیل علیٰحدہ علیٰحدہ دی جائے۔

(ب) کیااس یونیورسٹی کے مین کیمپس اور جھنگ کیمپس میں ان سالوں کے دوران کوئی نئ بلڈ نگز تعمیر ہوئی ہیں توان کی تفصیل مہیا کی جائے اوران پر اٹھنے والے اخراجات کی الگ الگ تفصیل دی جائے۔

(ج) کیایہ درست ہے کہ اس یونیورسٹی میں تعمیر ہونے والی بلڈ نگز مطلوبہ معیار کے مطابق تعمیر نہیں ہوئیں اوران پر اٹھنے والے اخراجات کے حوالے سے بہت زیادہ اعتراضات سامنے آئے ہیں توکیا حکومت اس یونیورسٹی کی بلڈ نگز کی تعمیر پر خرچ کردہ رقوم کے حوالے سے تحقیقات کروانے کا ارادہ رکھتی ہے اگر نہیں تواس کی وجوہات کیاہیں۔

(تاریخ وصولی 8مارچ 2021 تاریخ ترسیل 8اپریل 2021)

### جواب

وزیر ہائرایجوکیشن

(الف)لاہور کالج فارووومن یونیورسٹی لاہور کومالی سال 18-2017، 19-2018اور 20-2019 میں دیئے جانے والے ترقیاتی فنڈ اور غیر ترقیاتی فنڈ کی تفصیل علیٰحدہ علیٰحدہ درج ذیل ہے:

| سال | ترقیاتی بجٹ | غیر ترقیاتی بجٹ |
|---|---|---|

| | | |
|---|---|---|
| 768.866 M | 193.514M | 2017-18 |
| 834.027 M | 364.403M | 2018-19 |
| 842.092 M | 443.197M | 2019-20 |

(ب)لاہور کالج فارووومن یونیورسٹی، لاہور کے مین کیمپس، واقع لاہور میں ان سالوں میں اکیڈمک بلاک اور آئی ٹی ڈیٹا سنٹر کی تعمیر عمل میں آئی جن کی کل لاگت 213.671 ملین روپے تھے۔ جبکہ جھنگ کیمپس میں اکیڈمک بلاک، ایڈمنسٹریشن بلاک، سٹوڈنٹ سروس سنٹر، سٹوڈنٹ ہاسٹل، سنٹرل لائبریری، بیچلر فیکلٹی ہاسٹل، فیکلٹی اور سٹاف کے لیے رہائش گاہیں اور دیگر تعمیراتی کام ہوا ہے جس پر کل 527.729 ملین روپے کی لاگت آئی۔ تفصیل ضمیمہ الف ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج)اس ضمن میں تاحال کوئی شکایت محکمہ اعلیٰ تعلیم میں موصول نہ ہوئی ہے۔ اگر محکمہ اعلیٰ تعلیم پنجاب کو اس ضمن میں کوئی شکایت موصول ہوتی ہے تو اس کی تحقیقات بمطابق قانون کی جائیں گی۔

(تاریخ وصولی جواب 25 مئی 2021)

ساہیوال: گورنمنٹ کالجز کی تعداد اور خالی اسامیوں پر بھرتی سے متعلقہ تفصیلات

*6953: جناب محمد ارشد ملک: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع ساہیوال میں کتنے سرکاری کالجز موجود ہیں ان کی تعداد بتائیں؟

(ب)ان کالجز میں کون کون سے مضامین کی کتنی اسامیاں کتنے عرصہ سے خالی ہیں مکمل تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(ج) کیا حکومت / محکمہ ان خالی پوسٹ پر متعلقہ اساتذہ بھرتی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اگر ہاں تو کب تک نہیں تو وجوہات بیان فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 8 مارچ 2021 تاریخ ترسیل 04 مئی 2021)

جواب

وزیر ہائر ایجوکیشن

(الف) ضلع ساہیوال میں سرکاری کالجز کی تعداد 13 ہے۔ ضلع ساہیوال میں 7 بوائز کالج اور 6 گرلز کالج موجود ہیں جو کہ درج ذیل ہیں۔

1۔ گورنمنٹ گریجوایٹ کالج ساہیوال

2۔ گورنمنٹ امامیہ ایسوسی ایٹ کالج، ساہیوال

3۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج فار بوائز چیچہ وطنی

4۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج فار بوائز کمیر ٹاؤن، ساہیوال

5۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج فار بوائز، اوکانوالہ بنگلہ چیچہ وطنی

6۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج، جی ٹی روڈ چیچہ وطنی

7۔ گورنمنٹ گریجوایٹ کالج، لیاقت روڈ ساہیوال

8۔ گورنمنٹ گریجوایٹ کالج، برائے خواتین ساہیوال

9۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین، فرید ٹاؤن ساہیوال

10۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین، کمیر ٹاؤن ساہیوال

11۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین، ہڑپہ

12۔ گورنمنٹ کریسنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین، چیچہ وطنی

13۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین، طارق بن زیاد کالونی ساہیوال

(ب) ان کالجز کی خالی اسامیوں کی تعداد کی تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) ٹیچنگ سٹاف کی منظور شدہ اسامیاں پبلک سروس کمیشن کے تحت پر کی جاتی ہیں جو تقریباً ہر دو یا تین سال بعد اسامیوں کو پُر کرنے کیلئے اشتہار دیا جاتا ہے اس سال بھی ٹیچنگ سٹاف کی اسامیوں کو پر کرنے کیلئے پراسیس جاری ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 26 مئی 2021)

لاہور کالج فاروومن یونیورسٹی میں نئے بلاکس کی تعمیر میں بے ضابطگیوں سے متعلقہ تفصیلات

*6958: محترمہ خدیجہ عمر: کیاوزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ لاہور کالج فاروومن یونیورسٹی لاہور میں Social Science Block/ New Academic Block اور New Student Services Centre کی تعمیر کی گئی ہے اگر ہاں تو اس پر کتنے اخراجات آئے ہیں الگ الگ مد وائز تفصیل مہیا کی جائے؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ ان مذکورہ نئے بلاکس کی تعمیر میں بہت سی بے قاعدگیاں پائی جاتی ہیں تعمیراتی میٹریل، الیکٹرانک Instrument اور دوسری اشیاء انتہائی ناقص اور غیر معیاری استعمال کی گئی ہیں لیکن اس کے باوجود ادائیگیاں کر دی گئیں ہیں۔

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ لاہور کالج فاروومن یونیورسٹی لاہور نے Power Electricity Distribution Tender for Jhang Campus کے لیے چار کروڑ روپے کا ٹینڈر دیا گیا ہے اور کیا یہ ٹینڈر قواعد وضوابط اور PPRA کے قوانین اور رولز کے مطابق جاری ہوا ہے۔

(تاریخ وصولی 8 مارچ 2021 تاریخ ترسیل 04 مئی 2021)

جواب

وزیر ہائر ایجوکیشن

(الف) جی ہاں یہ درست ہے کہ لاہور کالج فار وومن یونیورسٹی میں Social Science Block/ Academic Block کی تعمیر کی گئی ہے جو دو حصوں پر مشتمل ہے۔ ایک حصہ آئی ٹی ڈیٹابیس سنٹر جبکہ دوسرا حصہ سوشل سائنسز اکیڈمک بلاک ہے۔ سوشل سائنس بلاک پر 221.80 ملین کا خرچہ ہوا ہے اور آئی ٹی ڈیٹابیس سنٹر پر 5.2 ملین روپے اب تک خرچہ ہوا ہے۔

(ب) پراجیکٹ ڈائریکٹر، لاہور کالج فار وومن یونیورسٹی کے مطابق مذکورہ بلاکس میں برقی مصنوعات کی تنصیب سمیت تمام کام مروجہ طریقہ کار کے مطابق مکمل کیا گیا ہے اور اس میں کوئی ناقص میٹریل استعمال نہیں کیا گیا۔

اس سلسلہ میں تاحال کوئی شکایت محکمہ کو موصول نہ ہوئی ہے۔ اگر کوئی شکایت موصول ہوئی تو بمطابق قانون، کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

(ج) پراجیکٹ ڈائریکٹر، لاہور کالج فار وومن یونیورسٹی کے مطابق Electricity Power Distribution Tender for Jhang Campus کا ٹینڈر PPRA رولز کے مطابق دیا گیا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 26 مئی 2021)

لاہور

مورخہ 27 مئی 2021

محمد خان بھٹی

سیکرٹری

بروز جمعتہ المبارک 28 مئی 2021 کو محکمہ ہائر ایجوکیشن کے سوالات وجوابات کی فہرست اور نام اراکین اسمبلی

| نمبر شمار | نام رکن اسمبلی | سوالات نمبر |
|---|---|---|
| 1. | جناب محمد طاہر پرویز | 6133-5264-4531 |
| 2. | جناب منیب الحق | 5812-6590 |
| 3. | محترمہ ساجدہ بیگم | 6776 |
| 4. | محترمہ شازیہ عابد | 6802-6801 |
| 5. | چودھری اختر علی | 6502-6843 |
| 6. | محترمہ عظمیٰ کاردار | 6900-6862 |
| 7. | جناب بابر حسین عابد | 6913-6865 |
| 8. | ملک غلام قاسم ہنجرا | 6914-6866 |
| 9. | جناب صہیب احمد ملک | 6902-6868 |
| 10. | جناب محمد نواز چوہان | 6869 |
| 11. | محمد ارشد ملک | 6953-6870 |
| 12. | جناب خالد محمود بابر | 6907 |
| 13. | محترمہ فائزہ مشتاق | 5867 |
| 14. | سید عثمان محمود | 6378 |
| 15. | محترمہ حناء پرویز بٹ | 6550 |
| 16. | چودھری مظہر اقبال | 6864 |

| | | |
|---|---|---|
| 6884 | محترمہ عائشہ اقبال | .17 |
| 6958-6929 | محترمہ خدیجہ عمر | .18 |

32واں اجلاس

خفیہ

ایوان میں پیش کئے جانے سے قبل اشاعت کی اجازت نہیں ہے

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## بروز جمعتہ المبارک 28 مئی 2021

## فہرست غیر نشان زدہ سوالات اور جوابات

## بابت

## محکمہ ہائر ایجوکیشن

## رحیم یار خان گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج صادق آباد کو فراہم کردہ فنڈز اور استعمال سے متعلقہ تفصیلات

**1326: سید عثمان محمود:** کیا وزیر ہائر ایجوکیشن از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج صادق آباد ضلع رحیم یار خان کو پچھلے تین سالوں کے دوران کتنے فنڈز مہیا کئے گئے اور ان فنڈز کو کس کس مد میں خرچ کیا گیا تفصیل بتائی جائے؟

(ب) اس ڈگری کالج میں طلباء کی تعداد کتنی ہے کلاس وائز تفصیل بتائی جائے۔

(ج) اس کالج میں منظور شدہ ٹیچنگ اور نان ٹیچنگ کی کتنی اسامیاں ہیں اور یہ اسامیاں کس کس مضامین کی ہیں تفصیلات سے آگاہ فرمائیں۔ ان خالی اسامیوں کو کب تک پُر کر دیا جائے گا۔

(د) اس کالج میں کون کون سی مسنگ فسلیٹیز ہیں نیز ان مسنگ فسلیٹیز کو کب تک پورا کر دیا جائے گا۔

(ہ) مذکورہ کالج میں کمپیوٹر لیب موجود ہے تو کب قائم کی گئی ہے اور اس سے سالانہ کتنے طلباء مستفید ہو رہے ہیں تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(و) اس کالج میں طلباء کے لئے کن کن کھیلوں کی سہولت اور سامان موجود ہے تفصیل مہیا کی جائے۔

(تاریخ وصولی یکم مارچ 2021 تاریخ ترسیل 26 مارچ 2021)

### جواب

**وزیر ہائر ایجوکیشن**

(الف) پچھلے تین سال کے دوران کالج ہذا کو سیلری اور نان سیلری بجٹ کی مد میں مندرجہ ذیل رقوم دی گئی۔

| | |
|---|---|
| 2017-18 | سیلری 20534551<br>الاؤنسز 4066923 |
| 2018-19 | سیلری 13897354<br>الاؤنسز 2588452 |
| 2019-20 | سیلری 11302813<br>الاؤنسز 2272856 |

یہ فنڈز سٹاف کی تنخواہ اور کالج کے اخراجات پر استعمال ہوئے۔

(ب) اس کالج میں طالبات کی کل تعداد 1396 ہے۔

فرسٹ ائیر 374 سیکنڈ ائیر 405 تھرڈ ائیر 332 فورتھ ائیر 285

(ج) کالج کے اندر منظور شدہ ٹیچنگ اور نان ٹیچنگ اسامیوں کا تفصیلی پروفارمہ ایوان کی میز پر رکھ دیا گیا ہے۔

حکومت نے PPSC کے ذریعہ خالی اسامیوں کا اعلان کیا تھا جن کے ٹیسٹ ہو رہے ہیں۔ اور جلد ہی اسامیاں پر کر دی جائیں گی۔

(د) اس کالج میں مندرجہ ذیل مسنگ فیسلیٹیز ہیں۔

۱۔ کالج کی اندرونی روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے۔ جس کی مرمت درکار ہے۔

۲۔ کالج کی عمارت کا ایک بلاک انتہائی بوسیدہ ہے۔ اس کی مرمت درکار ہے۔

۳۔ کالج میں فوٹو کاپی مشین، پرنٹر، سیکنر ناکارہ ہو چکے ہیں۔ وہ درکار ہیں۔

۴۔ واٹر پلانٹ کی ضرورت ہے۔

۵۔ کالج کے ایک چوکیدار کا کوارٹر مرمت کرنا درکار ہے۔

2021-22 کے ADP پروگرام کے تحت ضلع کے تمام کالجز بشمول کالج ہذا کی مسنگ فیسلیٹیز کی تفصیل ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب کو جمع کروائی جا چکی ہے۔ جو کہ آئندہ مالی سال میں مہیا کر دی جائیں گی۔

(ہ) کالج میں کمپیوٹر لیب موجود ہے جو 2012 میں قائم کی گئی اور اس سے سالانہ 200 طالبات مستفید ہو رہی ہیں۔

(و) اس کالج میں والی بال بیڈ منٹن اتھیلیٹکس کی سہولیات سامان اور گراؤنڈ موجود ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 25 مئی 2021)

## یونیورسٹی آف ایجوکیشن اٹک کیمپس میں وی سی، رجسٹرار، ایڈیشنل رجسٹرار اور خالی اسامیوں سے متعلقہ تفصیلات

**1342: جناب صہیب احمد ملک:** کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) یونیورسٹی آف ایجوکیشن اٹک کیمپس میں V.C، رجسٹرار، ایڈیشنل رجسٹرار، ڈپٹی رجسٹرار، ٹریژرار اور ڈین / ہیڈ آفس ڈیپارٹمنٹ کی کتنی اسامیاں ہیں ان پر تعینات ملازمین کے نام، عہدہ، گریڈ، تعلیمی قابلیت اور تعیناتی کب ہوئی تھی؟

(ب) ان کو ماہانہ کیا کیا مراعات حاصل ہیں تنخواہ کے علاوہ دیگر کون کون سے الاؤنس دیئے جا رہے ہیں۔

(ج) ان کے سال 2019-20 اور 2020-21 کے اخراجات کی تفصیل علیحدہ علیٰحدہ فراہم فرمائیں۔

(د) ان کے زیر استعمال گاڑیوں کی تفصیل مع گاڑی کا نمبر اور ماڈل بتائیں ان کے دو سالوں کے اخراجات بتائیں۔

(ہ) کس کس ملازم کی تعیناتی سنڈیکیٹ کی منظوری سے ہوئی ہے اور کس کس کی بغیر سنڈیکیٹ کی منظوری ہوئی سے ہے اس کی وجوہات کیاہیں۔

(تاریخ وصولی30مارچ2021 تاریخ ترسیل 6اپریل2021)

## جواب

### وزیر ہائر ایجوکیشن

(الف)یونیورسٹی آف ایجوکیشن،لاہور کااٹک کیمپس2002میں یونیورسٹی آف ایجوکیشن،لاہور آرڈیننس2002کے تحت معرض وجود میں آیااور یہاں پرVC،رجسٹرار،ایڈیشنل رجسٹرار،ڈپٹی رجسٹرار،ٹریژرراورڈین/ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ کی کوئی اسامی موجود نہیں ہے۔

(ب)چونکہ مذکورہ پوسٹیں موجود نہ ہیں لہذااس مد میں کوئی الاؤنس نہ دیا جارہاہے۔

(ج)جیساکہ جز"ب"میں بتایاگیا۔

(د)جیساکہ جز"ب"میں بتایاگیا۔

(ہ)یونیورسٹی آف ایجوکیشن لاہور کے اٹک کیمپس کے لیےVC،رجسٹرار،ایڈیشنل رجسٹرار،ڈپٹی رجسٹرار،ٹریژرراورڈین/ہیڈ آفس ڈیپارٹمنٹ کی کوئی پوسٹ منظور شدہService Statutesمیں موجود نہیں ہے لہذاان پرکسی کی تعیناتی نہیں ہوئی۔

(تاریخ وصولی جواب25مئی2021)

لاہور      محمد خان بھٹی

مورخہ27مئی2021      سیکرٹری